لِسانی و مُذہبی تنازعات

(اعداد و شمار)

تحقیق و تالیف

مَنصُور احمد صدیقی

منصور احمد صدیقی

منصور احمد صدیقی 1953ء کو راولپنڈی میں پیدا ہوئے۔ نیشنل [illegible] اسلام آباد میں بحیثیت سینئر ایڈیٹر تعینات ہیں۔ ان کی تصنیف "انساب صدیقی" علمی و ادبی حلقوں میں مقبولیت حاصل کر چکی ہے۔

"مذہبی و لسانی تنازعات" ان کی دوسری کاوش ہے دراصل اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ کے مطابق دنیا کے تقریباً" اسی ممالک میں لسانی تنازعات نے خانہ جنگی جیسی صورت حال پیدا کر رکھی ہے۔ اسی طرح مذاہب کی تقسیم اور مذاہب کے اندر مسالک کی تقسیم سے انسانی تعلقات متاثر ہوتے رہتے ہیں۔ اقتصادی اور سیاسی محرکات اپنی جگہ لیکن انسانی تعلقات کا یہ پہلو بھی معاشروں اور قوموں کی ترکیب و تقسیم کا باعث بنا رہتا ہے۔

سماجی علوم، طلبہ، ماہرین کے لئے یہ تقسیم در تقسیم ایک خصوصی اہمیت رکھتی ہے۔ عامۃ الناس کی دلچسپی بھی اس موضوع میں کم نہیں کہ ہر شخص مختلف حوالوں سے اپنے تشخص کی پہچان چاہتا ہے۔ اور لسانی و مذہبی یک رنگی اور رنگا رنگی ہر شخص کے لئے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔

مصنف نے مستند حوالوں سے اقوام عالم کی لسانی اور مذہبی تقسیم کے اعداد و شمار نہایت دقت نظر سے یکجا کئے ہیں، عالم اسلام میں مذہبی و لسانی تقسیم اور مسلم اقلیتوں کے کوائف پر ان کی نظر گہری ہے اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے اس حوالے سے پاکستان کے مختلف اضلاع کی قدیم و جدید آبادی کے اعداد و شمار بھی یکجا کئے ہیں۔ ہمارے ملک میں جہاں تحقیق اور ریکارڈ مزاج کا حصہ ہی نہیں یہ کام پتھر پھوڑ کر چشمہ نکالنے سے کم نہیں۔

ناشر

لِسانی و مذہبی تنازعات

(اعداد و شمار)

دُنیا کی مختلف قوموں اور عالمِ اسلام خصوصاً پاکستان کے مختلف علاقوں کی قدیم و جدید آبادی نیز دیگر ممالک کی مُسلم اقلیتوں کے کوائف اور لسانی و مذہبی تقسیم پر مستند کتاب

تحقیق و تالیف
منصور احمد صدیقی

کبیر سنز
مغل مارکیٹ، اردو بازار، راولپنڈی

نام کتاب	:-	لسانی و مذہبی تنازعات (اعداد و شمار)
مصنف	:-	منصور احمد صدیقی
ناشر	:-	محمد عبداللہ قریشی
ڈیزائن سرورق	:-	ورڈ ٹیک کمپوزوگراف 14' مال پلازہ' راولپنڈی کینٹ
کمپوزنگ	:-	" " "
پرنٹر	:-	محمود برادرز' گوالمنڈی' راولپنڈی
طبع اول	:-	اپریل 1996ء
صفحات	:-	192
تعداد	:-	500
قیمت	:-	100.00

کتاب ملنے کے پتے

مکتبہ صدیقیہ	اکوڑہ خٹک
مکتبہ رحمانیہ	اردو بازار لاہور
نعمانی کتب خانہ	اردو بازار لاہور
قدیمی کتب خانہ	آرام باغ کراچی
مکتبہ اسلامیہ	سرکی روڈ کوئٹہ
کتب خانہ مجیدیہ	بیرون بوہڑ گیٹ ملتان
ادارہ اسلامیات	انارکلی لاہور
مکتبہ حسینیہ	ضیاء العلوم 18 بلاک سرگودھا شہر

انتساب

والد عزیز احمد صدیقی (مرحوم) اور والدہ

بیگم امینہ عزیز کے نام

چھوٹے چھوٹے فرعونوں کا اک لشکر اور ایک اکیلا میں
مرے ہاتھ عصا سے خالی
ہاتھ عصا سے خالی ہوں تو ہستی دو بھر ہو جاتی ہے
ہوا مخالف ہو جائے تو لہر سمندر ہو جاتی ہے
موت مقدر ہو جاتی ہے
چھوٹے چھوٹے فرعونوں کا اک لشکر اور ایک اکیلا میں
مرے ہاتھ عصا سے خالی

(افتخار عارف)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ابتداء

16 دسمبر 1971ء کا دن پاک بھارت جنگ کی ہولناکیوں کی انتہا کا دن تھا۔ صبح سے بھارتی لڑاکا طیارے لاہور کی فضاؤں میں چاروں طرف سے حملہ آور ہو رہے تھے۔ ہوائی حملوں کے سائرن اور طیارہ شکن توپوں کی گھن گرج سے کلیجہ دہل جاتا تھا۔ ان دنوں میں تھرڈایئر کا طالب علم تھا اور اپنے چند ساتھیوں کے ساتھ اپنے ایک روم میٹ کے بھگوڑے عزیز(جو اپنا بھرا گھر ہمارے حوالے کرنے کے بعد کسی اور شہر جا چکے تھے) وہاں ہوسٹل سے شفٹ ہو چکے تھے۔ جنگ کی وجہ سے کالج میں چھٹیاں تھیں لیکن ہماری کلاس کے اکثر بیرون شہر رہنے والے ہوسٹل کے ساتھی پاک بھارت جنگ کے آغاز کے ساتھ ہی شروع ہونے والی فوجی ٹریننگ میں شمولیت اختیار کر چکے تھے۔ خاکی وردی اور لوہے کے ہیلمٹ پہنے اور ڈمی رائفلوں کو ہاتھ میں پکڑے مغل پورہ اور گردو نواح کے علاقوں میں مارچ کرتے جس سے علاقے کے لوگوں کے حوصلے بلند ہوتے اور وہ اکثر ہمیں کھانے پینے کی چیزیں بہت محبت سے پیش کرتے۔ جنگ کی خبریں سننا' اخبار پڑھنا اور تبصرے کرنا ہماری دیگر مشغولیات کے اہم حصہ تھے' بلیک آؤٹ کے بھیانک سناٹوں میں چند ہوسٹل کے ساتھی سول ڈیفنس کی ڈیوٹی پر بھی رہتے۔ پاکستان کے دفاع اور ملکی سلامتی سے متعلق ہمارے جذبات کسی پیمانے سے ناپے نہیں جا سکتے تھے۔

اس ہی دن سہ پہر کو جب بھارتی جہازوں کے تابڑ توڑ حملوں سے ہر شہری سہما ہوا تھا خبروں میں گول مول بتایا گیا کہ پاکستانی افواج ڈھاکہ کے گردونواح میں بھارتی افواج سے لڑ رہی ہیں گو یہ مکمل خبر نہیں تھی لیکن جس افسوسناک خبر کا پیشہ خیمہ تھی اسے سن کر ہم سب ساتھیوں کے رنگ اڑ گئے اور بیگانے سے عجب عالم میں ایک دوسرے کو تکتے رہ گئے۔ اتنے میں ہوائی حملہ کا سائرن بجا اور سب ساتھی باہر محفوظ پناہ گاہ کی طرف لپکے میں نے جب اٹھنے کی کوشش کی تو ریڑھ کی ہڈی میں شدید درد کی لہر اٹھی اور پھر مجھے ہوش نہ رہا۔ شاید شکست' ملال یا مایوسی نے براہ راست میری ریڑھ کی ہڈی پر حملہ کیا۔ وقت گزر گیا تکلیف بھی ٹھیک ہو گئی لیکن اس سانحہ کا درد اور اس کی خفت کو میں آج تک بھلا نہ پایا کئی برس بیت گئے ہیں لیکن آج بھی ہم نے اس شکست سے کوئی سبق نہیں سیکھا۔ اور یہ اتفاق ہی ہے کہ زیر نظر کتاب کی کمپوزنگ بھی آج 16 دسمبر 1995ء کو مکمل ہوئی۔ اپنی شکست کی برسی منانے کیلئے ہر اخبار نے کچھ نہ کچھ تحریر کیا ہے۔ درد کا یہ احساس صرف مجھے ہی نہیں بہت سے محب وطن پاکستانیوں کو محسوس ہوتا ہے جو عوام کو خوشحال' حکومت کو مضبوط دیکھنا چاہتا ہے۔ وطن پاک کیلئے امن و آشتی' عدل و انصاف اور ترقی کے طلب گار ہیں۔ جب وہ بے حسی' خود غرضی اور نا انصافی دیکھتے ہیں تو ان کے تمام خواب چکنا چور ہو جاتے ہیں ' تڑپ کر رہ جاتے ہیں' تپتی دھوپ میں خود کو ننگے پاؤں محسوس کرتے ہیں۔ اسی کیفیت کا اظہار ممتاز صحافی محمود شام نے کیا کہ جب وہ بے سر و سامان مال گاڑی کے ڈبے میں ہجرت کے بعد آئے تو ملکی حالات کے پیش نظر اب بھی اپنے آپ کو اسی مال گاڑی کے ڈبے میں سفر کرتا محسوس کرتے ہیں جس میں وہ پاکستان آئے۔

آج کے پاکستان میں لسانی و مذہبی تنازعات شدت سے بڑھ چکے ہیں اور بعض اوقات یہ محسوس ہوتا ہے کہ اب واپسی ممکن نہیں۔ درد مند اور ذی شعور پاکستانی خوفزدہ ہیں کہ یہ حالات ہمیں کہاں لے جائیں گے۔ طاقت کے استعمال سے بھی متوقع نتائج حاصل نہ کئے جا سکے۔ دانشور صرف شانتی کا راگ الاپتے رہتے ہیں اور عملی حل پیش کرنے سے قاصر ہیں۔ دن رات بھائی چارہ کا درس دینے

والے خود بھی اپنے مسلک کے حوالے سے یا زبان کے حوالے فرقہ واریت میں مصروف ہیں لہٰذا کوئی ایسا حل پیش نہیں کیا جاتا جس سے مستقل حل کی صورت سامنے آ سکے۔

دراصل یہ مسئلہ ہی ایسا ہے کہ کوئی بھڑوں کے چھتے میں ہاتھ ڈالنے کو تیار نہیں۔ لہٰذا جو بھی حل پیش کئے جاتے ہیں یا تو وہ انتہائی جانبدارانہ ہوتے ہیں یا اتنے بے جان ہوتے ہیں کہ صاف محسوس ہوتا ہے کہ پیش کرنے والا فریقین سے ناراضی مول نہیں لینا چاہتا۔ میری اس کتاب کا محور جیسا کہ موضوع سے ظاہر ہے لسانی و مذہبی تنازعات ہیں۔ مجھے معلوم ہے کہ یہ بہت ہی حساس موضوع ہے جس پر لکھنے کیلئے بہت دل گردہ چاہئے اور خاص طور پر ملک کی فرقہ وارنہ فضاء میں اس قسم کے اعداد و شمار کو پیش کرنا بہت مشکل کام تھا۔ لیکن آخر کسی نے تو بلی کے گلے میں گھنٹی باندھنی تھی۔ ان اعداد و شمار کو دبا کر اور چھپا کر رکھنے سے وہ نتائج حاصل نہ ہو سکے جن کی توقع تھی اور نہ ہی یہ کوئی ایسا ملکی راز ہے کہ جن کو پیش کرنے سے حکومت مشکلات کاشکار ہو جائے گی۔ آخر لسانی و مذہبی گروہ بھی پاکستانی ہیں۔ ان کا بھی اس ملک پر اتنا ہی حق ہے جتنا کسی دوسرے شہری کا۔ اگر وہ کچھ کہنا چاہتے ہیں تو سننے میں کیا حرج ہے۔ اگر وہ حقوق مانگتے ہیں تو یہ بھی کوئی غیر آئینی بات نہیں۔ لیکن سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ہم ان کی بات سنے بغیر' ان کی اعدادی طاقت کا اندازہ کئے بغیر انہیں پیار سے رہنے کا درس دینے لگ جاتے ہیں۔ وہ بولیں تو انہیں دہشت گرد اور تخریب کار یا ملک دشمن کا لیبل لگا دیا جاتا ہے۔ پھر بات ہی ختم ہو جاتی ہے۔ آخر کار یہ محروم پاکستانی نا دانستگی میں مفاد پرستوں کا آلہ کار بن جاتے ہیں۔ جو ان کو خوب استعمال کرتے ہیں لسانی و مذہبی تقسیم صرف پاکستان ہی میں نہیں بلکہ ساری دنیا میں موجود ہے۔ مختلف ممالک میں جھگڑے بھی ہوتے رہتے ہیں۔ لیکن کیا وجہ ہے کہ ہم اپنے وطن میں اس مسئلہ کو باہمی رضا مندی سے مل جل کر آئینی اصلاحات کے ذریعے اس قابل نہیں بنا سکے کہ کوئی بھی پاکستانی جو کسی بھی لسانی یا مذہبی گروہ سے تعلق رکھتا ہو اپنے بنیادی حقوق کے حوالے سے دل گرفتگی محسوس نہ کرے اور مایوسی کی انتہاء مجبور کر دے کہ وہ سڑکوں پر آ جائے۔ نہ تو اکثریت کے حقوق پامال ہوں اور نہ ہی ایسے قوانین بنائے جائیں کہ اقلیت اپنی سبکی محسوس کرے۔ آخر اکثریت اور اقلیت کا فیصلہ کیسے ہو۔ ہم کیسے یہ جان پائیں گے کہ مختلف علاقوں میں رہنے والے افراد کے کوائف کیا ہیں۔ بے شک قومی سلامتی کے حوالے سے مسلک کا اندراج نہ کریں تو پھر کیسے ممکن ہو گا کہ حکومت یہ اندازہ کرسکے کہ اس گروپ کی جمہوری طاقت کیا ہے۔

ان اعداد و شمار کو پیش کرنے کا مقصد قطعاً" کسی کی دل آزاری مقصود نہیں ہے بلکہ ایک درد مند پاکستانی کی حیثیت سے صرف یہ خواہش ہے کہ کاش ہماری حکومت اس قابل ہو سکے کہ ہر قسم کے اعداد و شمار سے لیس ہو جائے مردم شماری اور دیگر کوائف ایک مقدس فریضہ سمجھ کر جمع کرے اور ان سب اعداد و شمار کو تاریخی دستاویز کی حیثیت سے شائع کرے اور یہ حکومت کا اخلاقی فرض بھی ہے۔

پاکستان کے علاوہ دنیا کے دیگر ممالک' اسلامی ممالک' مسلم اقلیتوں' لسانی گروپوں کے اعداد و شمار بھی شامل اشاعت ہیں۔ امید ہے کہ کتاب موضوع کے اعتبار سے دلچسپی کا باعث ہو گی اور اس میں شامل اعداد و شمار تحقیقی طالب علموں کیلئے مفید ثابت ہوں گے۔ غلطی کی نشاندہی پر مشکور رہوں گا۔ دوستوں سے درخواست کرتا ہوں کہ اپنی آراء سے ضرور آگاہ کریں۔

منصور احمد صدیقی راولپنڈی
16 دسمبر 1995ء

فہرست

حصہ دوم پاکستان (مذہبی و لسانی تقسیم)

مردم شماری کی اہمیت

مردم شماری ہر ریاست کے لئے انتہائی اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔ انسان شماری کے ساتھ ساتھ ریاست کے ہر فرد کے بارے میں مختلف نوعیت کی تفصیلات کا اندراج بھی کیا جاتا ہے۔ ماضی کے اعداد وشمار کی روشنی میں حال و مستقبل کی منصوبہ بندی کی جاتی ہے۔ یوں تو مردم شماری کی تاریخ بہت قدیم ہے۔ لیکن برصغیر میں اس کا رواج انگریزوں کے عہد میں ہوا۔ ہر دس سال بعد منعقدہ مردم شماری میں تمام ملک کے طول و عرض میں رہائش پذیر عوام' مکانات اور دیگر متعلقہ تفصیلات کا اندراج کیا جاتا ہے۔ ان اعداد وشمار سے حاصل ہونے والے نتائج بہت کار آمد ثابت ہوتے ہیں جن کی افادیت سے انکار ممکن نہیں۔ مروجہ طریقہ کار کے تحت آج تک برصغیر میں مردم شماری منعقد کی جا رہی ہے۔

مردم شماری کے ذریعہ (انسان شماری کے اندراج کے علاوہ) عمر' جنس' ازدواجی حیثیت' مذہب' زبان' نسل' پیشہ' تعلیم اور نقل مکانی وغیرہ کے اندراجات بھی مرتب کئے جاتے ہیں۔ جہاں تک ان اعداد وشمار سے ریاست کے انتظامی امور میں مدد حاصل کرنے کا تعلق ہے تو ان میں سرفہرست سیاسی امور ہیں۔ مردم شماری کی اہمیت کے پیش نظر اسے بطور سیاسی ہتھیار استعمال کیا جاتا ہے۔ خاص طور پر جمہوری نظام حکومت میں اس کی اہمیت بہت بڑھ جاتی ہے۔ اس کے بعد ہی فلاح و بہبود کے منصوبوں کا ذکر ہوتا ہے۔

ملکی نظام حکومت اور مردم شماری

دنیا بھر میں سب سے زیادہ پسندیدہ طرز حکومت جمہوری نظام کو تسلیم کیا گیا ہے۔ اور آج کل بیشتر ممالک میں یہی طرز حکومت مقامی ضروریات اور آئینی تحفظات کے ساتھ رائج ہے۔ چونکہ مردم شماری کے اعداد وشمار جمہوری نظام حکومت میں بنیادی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں اور یہی بنیادی اعداد وشمار ووٹروں' علاقوں کی تقسیم' انتظامی امور میں مددگار ہوتے ہیں۔ ٹاؤن کمیٹیوں' میونسپل کمیٹیوں' کارپوریشنوں' تحصیلات' اضلاع' صوبوں اور وفاقی حکومتوں کے انتظامی امور چلانے کے لئے ان کی انتظامی حیثیت کا تعین' منصوبہ بندی اور ردو بدل ان ہی کی مدد سے ہوتا ہے۔ انتظامی وفلاحی اصلاحات ان ہی اعداد وشمار کی روشنی میں طے کی جاتی ہیں۔

دنیا کے بیشتر ممالک میں مردم شماری بھی ہوتی ہے اور جمہوری نظام حکومت بھی رائج ہے اس کے باوجود بھی ساری دنیا میں افراتفری اور تناؤ کی کیفیت ہے۔ قوموں کے درمیان خانہ جنگی جیسی کیفیت زیادہ نمایاں ہے۔ علاقائی جھگڑوں کی خبروں سے اخبارات بھرے ہوئے ہیں۔ ان سب مسائل پر روشنی

ڈالنے سے پہلے ہم یہ دیکھتے ہیں کہ جمہوریت کے بارے میں مشہور مفکرین کی کیا رائے ہے اور اس نظام کو بہتر بنانے کے لئے جو اشارے وقتاً" فوقتاً" یہ لوگ دیتے رہے ہیں ان کی عملی حیثیت کیا ہے۔

پروفیسر سیلی کے مطابق جمہوریت ایک ایسی طرز حکومت ہے جس میں ہر شخص حصہ دار اور شریک ہوتا ہے' ڈائس کے مطابق جمہوریت ایک ایسی طرز حکومت ہے جس میں انتظامیہ قوم کی پوری آبادی کے بیشتر حصہ پر مشتمل ہوتی ہے۔ برائس کے مطابق جمہوریت ایک ایسا طرز حکومت ہے جس میں حکمرانی کے اختیارات کسی ایک فرد یا کسی مخصوص گروہ یا طبقہ کو حاصل نہیں ہوتے۔ بلکہ بحیثیت مجموعی تمام افراد قوم کو حاصل ہوتے ہیں۔ امریکہ کے سابق صدر لنکن کے مطابق جمہوریت ایک ایسی طرز حکومت ہے جو لوگوں کی ہوتی ہے' لوگوں کیلئے ہوتی ہے اور لوگوں کے ذریعہ ہوتی ہے۔

اس کے علاوہ دیگر مفکرین نے بھی جمہوریت کی جو تعریف بیان کی ہے اس کے مطابق افراد قوم ہی ہر صورت میں جمہوریت کیلئے مقدم بیان کئے گئے ہیں۔ لیکن ان ہی افراد قوم کے نمائندوں کے ہاتھ میں جب اپنی ہی قوم کے افراد کی باگ دوڑ آتی ہے تو عموماً" بجائے بہتری کے حالات بدتری کی طرف گامزن ہو جاتے ہیں۔ اس کی وجہ وہ نظام ہائے جمہوریت اور ان میں پائے جانے سقم ہیں جو مثالی جمہوری ملکوں میں بھی رائج ہیں۔ مثلاً مغربی جمہوریت جو بعض ترقی یافتہ ملکوں میں ظاہری کامیابی کے ساتھ چل رہی ہے' یہ بالواسطہ جمہوری نظام ہے۔ اور ترقی یافتہ ممالک اس خوش فہمی میں مبتلا ہیں کہ دنیا کے ہر ملک میں یہی نظام حکومت خوش اسلوبی سے چل سکتا ہے۔ بالواسطہ جمہوری نظام میں عوام براہ راست قانون سازی نہیں کرتے بلکہ ان کے منتخب شدہ نمائندے حکومتی امور کی انجام دہی کرتے ہیں۔ اس طرز کے نظام حکومت میں پہلا صدارتی طرز حکومت ہے جو امریکہ اور فرانس وغیرہ میں رائج ہے۔ جبکہ دوسرا پارلیمانی طرز حکومت برطانیہ' آسٹریلیا' کینیڈا وغیرہ میں رائج ہے۔ صدارتی نظام میں صدر اور دوسرے نظام میں وزیراعظم طاقت ور ترین شخص ہوتا ہے۔

افراد قوم کی ان نمائندہ حکومتوں کے بارے میں ممتاز فلاسفر روسو نے کہا "لوگوں کے نمائندے کبھی بھی ان کے نمائندے نہیں ہوتے وہ صرف ان کے کمشنر ہو سکتے ہیں۔" یعنی "منتظم" وہ حتمی طور پر کوئی فیصلہ نہیں کر سکتے۔ حقیقی جمہوری حکومت اسی صورت میں قائم ہو سکتی ہے۔ اگر ہر شہری معاشرہ سے متعلق تمام بڑے فیصلوں میں حصہ لے نہ کہ انفرادی یا کسی گروپ کے مفادات کو ذہن میں رکھتے ہوئے ایسا کرے۔"

دوسری طرف جمہوری نظام حکومت سیاسی پارٹیوں کا غلام بن کر رہ جاتا ہے۔ اور انتظامیہ میں شامل پارٹی کارکنان ہر قسم کے مفادات پر اپنی گرفت مضبوط کر لیتے ہیں۔ اور جمہور منہ دیکھتے رہ جاتے ہیں۔ شاید اسی قسم کی جمہوری سیاست کے بارے میں ڈور تھی پکل کہتے ہیں۔ "جمہوری سیاست میں

بے شمار لوگوں کیلئے قوت محرکہ جمہوری اصولوں میں گہرے یقین کی بجائے گروہی مادی فوائد کے حصول کی خواہش کارفرما ہے"۔

مغربی ممالک کیمونسٹ نظام حکومت پر شدید تنقید کرتے رہے اور اس نظام حکومت کے خلاف منظم مہم چلائی گئی جس کے نتیجہ میں موجودہ دور میں کیمونسٹ نظام حکومت باعث شرم بن کر رہ گیا ہے۔ اس کے مذہبی اثرات کا بعد میں ذکر ہو گا جس کی وجہ سے مذہبی طبقہ نے مغرب کی نادانستگی میں حمایت کی وگرنہ مذہبی طبقہ مغربی نظام سے بھی شاکی ہے۔

ڈاکٹر کینتھ اے میکل اعتدال پسند جمہوریت اور کیمونسٹ نظام میں کوئی فرق نہیں پاتے وہ کہتے ہیں "اعتدال پسند جمہوریت اور کیمونسٹ نظام دونوں میں کارکنوں کی محنت کی تنظیم و تشکیل پر کنٹرول ان کے اپنے ہاتھوں سے نکل کر سیاسی نوکر شاہی کے ہاتھوں میں دے دیا گیا ہے۔ ان دونوں نظاموں میں نام نہاد جمہوریت کا عمل صرف اسی طرح مکمل ہو سکتا ہے کہ پالیسی بنانے والوں کو مزید اختیارات دے دیئے جائیں تاکہ وہ جوابا" پالیسی پر عملدر آمد کرنے والوں پر مزید کنٹرول حاصل کر سکیں"۔ اس کے علاوہ ایک اور جگہ یہ تبصرہ کرتے ہیں کہ "اسٹالن کے پیروکاروں اور اعتدال پسند جمہوریت نوازوں نے عوام کی حاکمیت کی بنیادی روایت ختم کر کے جمہوریت کو سیاسی پارٹیوں کی حاکمیت بنا ڈالا۔ خواہ یہ حاکمیت کثیر الجماعتی نظام کی صورت میں ہو یا ایک جماعتی نظام کی صورت میں۔ عوام کی جگہ پارٹی نے لے لی ہے اور پارٹی کا مطلب وہ لوگ جنہیں پارٹی پر مئوثر کنٹرول حاصل ہے۔

مندرجہ بالا حقائق جن سے بالواسطہ جمہوریت' پارٹی سسٹم اور جمہوریت کی باگ دوڑ اور پھر ریاست کے تمام اختیارات صرف ایک فرد کے ہاتھ میں دیئے جانے کے بارے میں جو بہت سے شکوک وشبہات پیدا ہوتے ہیں' اس کے بارے میں ارتکاز اختیارات کے سنگین خطرات کی نشاندہی کرتے ہوئے ممتاز فرانسیسی مفکر برٹرینڈ ڈی جوینل کہتے ہیں "کسی بھی قسم کے اختیار کسی ایک فرد کے ہاتھ میں مرتکز کر دینا انتہائی خطرناک ہے اس بات کا قطعی امکان ہے کہ وہ اس اختیار کو عام لوگوں کی فلاح وبہبود کی بجائے اپنے ذاتی اغراض ومقاصد کے لئے استعمال کرے گا۔

دوسری طرف نیشنلزم یا قوم پرستی کے عوامل کا گہری نظر سے جائزہ لیا جائے تو ہمیں بہت سارے اسباب نظر آتے ہیں۔ جن میں قومی نظریہ کی کمزوری آئینی سقم اور بنیادی حقوق سے روگردانی شامل ہیں۔ لیکن چند اسباب ایسے بھی ہیں جنہیں عام طور پر معمولی سمجھ کر نظرانداز کر دیا جاتا ہے۔ جن کا تعلق معاشرت' تعلیم اور ادب سے ہوتا ہے۔ لہٰذا قوم پرست اپنی محدود برادری کو قوم سے' مخصوص علاقے کو وطن سے تعبیر کرتا ہے اور پھر زبان و ثقافت' سیاسی' مذہبی اور اقتصادی مفادات کی بنیادوں پر جداگانہ قوم کا نعرہ لگاتا ہے۔ در اصل جب اقتدار کی دنیا الگ ہو جائے اور عوام کی دنیا الگ ہو تو یہ

جذبے سر اٹھانے شروع کر دیتے ہیں۔ معاشی بد حالی اور بیروز گاری عصبیتوں کو جنم دیتی ہے۔ قوم پرستی کے جذبوں کے سر اٹھانے کی وجوہات میں عوام کی ضرورتوں سے صرف نظر، تعلیمی نظام، معاشی منصوبہ بندی اور کوٹہ سسٹم، روز گار میسر نہ آنے کی وجہ سے مایوسی، محرومی، باہمی نفرتیں اور تعصبات کی تند تیز لہریں وغیرہ شامل ہیں جو جمہوری ممالک کو کمزور کرنے کا سبب بنتے ہیں۔

خیر یہ تو مردم شماری، انتظامی امور، پارٹی سسٹم اور اس کے بعد تمام اختیارات کے ارتکاز کی مختصر تفصیلات تھیں لیکن اس سے پہلے ہم مختصراً" یہ دیکھتے ہیں کہ جن انسانوں کی مردم شماری ہوئی ہے ان کے بنیادی حقوق کیا ہیں۔

انسان کے بنیادی حقوق

"انسان کے بنیادی حقوق کے" مصنف تحریر کرتے ہیں کہ "عقل نے بہت غور و فکر کے بعد اس سوال کا یہ جواب تلاش کیا کہ انسان کو چونکہ خود فطرت نے بعض حقوق عطا کئے ہیں اس لئے انہیں تسلیم کیا جانا چاہیے۔ یہ نظریہ فطری حقوق (Natural Rights) کا کہلایا۔ اس پر اعتراض یہ ہوا کہ یہ اصطلاح مبہم اور غیر واضح ہے خود فطرت کا کوئی واضح اور متفقہ مفہوم آج تک پیش نہیں کیا جا سکا۔ اس لئے فطری حقوق کا تعین کیسے ہو؟ سب سے بڑا اعتراض یہ ہوا کہ ان حقوق کی قانونی حیثیت کیا ہے؟ حقوق کا تصور تو معاشرے کے اندر اس کی منظوری ہی سے کیا جا سکتا ہے۔ معاشرہ کی منظوری کے بغیر حق کا کیا سوال؟

اب ان حقوق کو قانونی حیثیت دینے اور معاشرہ کی منظوری حاصل کرنے کے لئے عمرانی معاہدہ (Social Contract) کا نظریہ پیش کیا گیا۔ اور دعویٰ کیا گیا کہ چونکہ ریاست کا وجود اسی معاہدہ کا مرہون منت ہے اس لئے حکمرانوں کے اختیارات اور شہریوں کے حقوق کا اصل سرچشمہ یہی ہے۔ اس طرح حقوق کے لئے ایک قانونی جواز فراہم کرنے کی ضرورت پوری کر لی گئی۔ لیکن اس معاہدہ کی تاریخی حیثیت کیا ہے جی۔ ڈبلیو۔ گف سے سنئے۔

"بلیک سٹون (Black Stone) اور پیلے (Paley) سے لے کر مین (Maine) اور اس کے متبعین تک پورے تاریخی مدرسہ فکر کا کہنا ہے کہ اب یہ بالکل واضح اور ناقابل تردید بھی ہے کہ یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ ریاستیں اور حکومتیں ارادتاً" کسی معاہدہ کے ذریعہ سے وجود میں نہیں آئیں بلکہ فطری طور پر ایک خاندان یا قبیلہ کی طرح ابتدائی گروہ بندیوں سے بتدریج قائم ہوئی ہیں۔"

مغرب کا تصور حقوق' بنیادی حقوق اور قانونی حقوق

اس سلسلہ میں انسان کے بنیادی حقوق کے مصنف تحریر فرماتے ہیں کہ "اہل مغرب یوں تو پوری بنی نوع انسان کے لئے بنیادی حقوق کی علمبرداری کا دعویٰ کرتے ہیں۔ لیکن ان کا طرز عمل اس کے برعکس ہے۔ ان کا تصور حقوق ان کے نظریہ قومیت اور نسلی امتیاز پر مبنی ہے۔ وہ اپنی قوم یا سفید فام نسل کے لئے جن بنیادی حقوق کی ضمانت چاہتے ہیں۔ دوسری قوموں اور نسلوں کو ان کا مستحق نہیں سمجھتے۔" بار بار دہرائی اس بات کا تذکرہ بر محل ہے۔

"All The people are equal but Some are more equal than other"

30 نومبر 1973ء کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے جب نسلی امتیاز کو قابل تعزیر جرم بنانے کے لئے ایک قرارداد منظور کی تو اس کے چار مخالفین میں امریکہ' جنوبی افریقہ اور پرتگال کے ساتھ برطانیہ بھی شامل تھا۔

آگے لکھتے ہیں "بنیادی حقوق (Fundamental Rights) اور قانونی حقوق (Legal Rights) میں آخر اس کے سوا کیا فرق ہے کہ بنیادی حقوق ناقابل ترمیم و تنسیخ ہیں۔ یہ ریاست کے عام اختیارات قانون سازی سے ماوراء ہیں۔ انہیں خود دستور میں دیئے گئے غیر معمولی طریقہ کار کے سوا اور کسی طریقہ سے محدود یا معطل نہیں کیا جا سکتا۔ یہ ریاست کے اختیارات قانون سازی پر پابندیاں عائد کرتے ہیں۔ اور اس کے مقابلہ میں شہریوں کو تحفظ مہیا کرتے ہیں۔ انہیں عدلیہ کے ذریعہ حاصل کیا جا سکتا ہے اور اس کی مدد سے انتظامیہ کو ظلم و ستم سے باز رکھا جا سکتا ہے۔ اس کے برعکس قانونی حقوق عام قانون سازی (Legislation) کے دائرہ میں آتے ہیں اور ریاست جب چاہے اپنے اختیار قانون سازی کے ذریعہ ان میں ترمیم و تنسیخ اور کمی بیشی کر سکتی ہے۔

انسان کے بنیادی حقوق اور جمہوریت

انسان کے بنیادی حقوق اور جمہوریت کے بنیادی طریقہ کار کو جاننے کے لئے جو مختصر جائزہ پیش کیا گیا اس سے دو باتوں کی وضاحت ہو جاتی ہے کہ ہر صورت میں انسانیت کا تقاضہ اور اخلاقی ذمہ داری ہے کہ

(i) کثرت رائے کے فیصلوں کا احترام کیا جائے۔

(ii) اظہار رائے اور دوسرے بنیادی انسانی حقوق کی آزادی

آیئے اس سلسلہ میں پہلے اپنے وطن پاکستان پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔

پاکستان میں مردم شماری

روزنامہ ڈان (22 فروری 1995ء) کی ایک رپورٹ کے مطابق "پاکستان ایک ایسا ملک ہے جہاں موت اور پیدائش کے اندراجات صحیح طور پر درج نہ ہونے کے باعث مردم شماری ہی ایک ایسا ذریعہ رہ جاتا ہے جن سے ان اندراجات کی کمی کا ازالہ ممکن ہے۔ اسی رپورٹ میں آگے مردم شماری کا صحیح بنیادوں پر نہ ہونے کے بارے میں تحریر کیا گیا ہے کہ "مارچ 1981ء کی مردم شماری کے مطابق جو نتیجہ سامنے آیا ہے اس میں آبادی کے اضافہ کو صوبوں اور اضلاع میں منصفانہ طریقوں سے رجسٹر نہیں کیا گیا۔ سب سے بڑے صوبہ میں اضافہ 27فیصد ' بلوچستان 77فیصد جبکہ کچھ اضلاع میں اضافہ 150 فیصد سے زیادہ دکھایا گیا ہے۔ فاٹا کی آبادی 13 فیصد کم ہو گئی۔ ضلع کوہستان میں اضافہ 192 فیصد ' جبکہ فیصل آباد میں فیصل آباد میونسپل کمیٹی کو چھوڑ کر اضافہ صرف 3.47 فیصد درج کیا گیا ہے۔ صوبہ سندھ میں کل اضافہ 34 فیصد اور صرف کراچی شہر میں اضافہ 45 فیصد درج کیا گیا ہے۔

اسی طرح 1972ء کی مردم شماری کے بارے میں جو شکوک وشبہات پائے جاتے ہیں اس سلسلہ میں ایک ہفت روزہ نے جو رپورٹ شائع کی تھی اس کے مطابق صوبہ سندھ میں شہروں کی نسبت اندرون سندھ آبادی زیادہ درج کی گئی ہے۔ مثلاً بدین ضلع حیدر آباد میں اضافہ 364% ' میرپور ماتھیلو ضلع سکھر میں 277 فیصد میرپور تھورو ضلع ٹھٹھہ میں 276.1 فیصد ' اسی طرح میہڑ میں 209.7 فیصد ' سکرنڈ میں 202.9 فیصد سجاول میں 200 فیصد اور دیگر شہروں میں اضافہ 42.5 فیصد تا 177.1 فیصد درج کیا گیا ہے جن کی تفصیلات آئندہ صفحات میں ملاحظہ فرمایئے۔

(آبادی کا موجودہ ریکارڈ قطعی جعلی ہے۔ہفت روزہ تکبیر6/12/1990)

آبادی میں اضافہ کے بارے میں ایک طبقہ کا خیال ہے کہ یہ دھاندلی ہے اور ملکی پیداوار میں زیادہ حصہ پانے کیلئے آبادی میں حیرت انگیز اضافہ دکھایا گیا ہے جبکہ دوسرے طبقہ فکر کا یہ خیال ہے کہ تعداد میں یہ اضافہ آبادی میں اضافہ کی وجہ سے نہیں بلکہ اس وجہ سے ہے کہ ایک طرف سیاسی نظام میں بہتری ' اندرون سندھ چند سہولتوں کی فراہمی اور آب پاشی کے نظام میں بہتری اور دوسرے سیاسی شعور بڑھنے سے ان ہاریوں اورمزارعوں نے بھی اپنے نام رجسٹر کرائے جنکی وہ اس سے پہلے جرات نہیں کر سکتے تھے۔

پاکستان میں جمہوریت

پاکستان میں سیاسی عدم استحکام' بڑھتی ہوئی بدعنوانیوں اور اقتصادی بدحالی نے جمہوریت پر پاکستانی عوام کے اعتماد کو متزلزل کر دیا ہے۔ عملاً پاکستان میں اختیارات کا ارتکاز جن ہاتھوں میں ہے ان میں سیاستدانوں کے ساتھ بیورو کریسی' اور فوج کی ایک تکون ہے۔ اس کے علاوہ دینی جماعتیں' پریس' لسانی تنظیمیں بھی موثر قوت کی حامل رہی ہیں۔ اگرچہ دینی جماعتیں انتخابات میں عوامی حمایت حاصل نہ کر سکیں لیکن عوام کے مذہبی رجحانات اور دینی جماعتوں کی مذہب کے حوالے سے سیاست نے ملکی سیاست اور نظام پر ان کے گہرے اثرات مرتب کئے اس کے باوجود یہ لوگوں کو اپنے مسائل کا شعور اورادراک دینے میں قطعی ناکام رہیں۔ جن حالات میں پاکستان معرض وجود میں آیا ان حالات میں علاقائی قوم پرست اور لسانی تنظیموں کا ابھرنا نسبتاً" ایک نئی بات تھی۔ پاکستان کی تخلیق کے بعد سابقہ مشرقی پاکستان میں لسانی تحریک نے پوری شدومد سے سر اٹھایا۔ اس کے علاوہ بلوچستان میں بھی اس مسئلہ پر کافی خون خرابہ ہوا۔ سرحد میں بھی کچھ قوم پرست جماعتوں نے لسانی مسئلہ ابھارنے کی کوشش کی۔ پنجاب میں سرائیکی صوبہ' قبائلی علاقوں میں قبائلستان اور اس قسم کے چھوٹے درجے کے مسئلہ شامل ہیں۔ لیکن کراچی میں یہ مسئلہ بوجوہ ایک بہت دیو ہیکل مسئلہ بن کر سامنے آیا ہے۔

سیاستدانوں میں سب سے بااثر گروپ جاگیرداروں اور زمینداروں کا ہے۔ جو ہر دور حکومت میں شامل رہتے ہیں اور ایک دوسرے کے مفادات کا خیال رکھتے ہیں۔ یہ سیاستدان ہمیں ورثہ میں ملے ہیں کیونکہ پاکستان کی خالق جماعت مسلم لیگ میں انہوں نے بہت اہم کردار ادا کیا تھا اور اس کا حق آج تک وصول کر رہے ہیں۔ پاکستان میں بڑی بڑی جماعتیں اور لیڈر اسی مسلم لیگ کی پیداوار ہیں جو وقت کے ساتھ ساتھ اپنے مفادات کے تحت اس سے علیحدہ ہوتے چلے گئے۔ طاقت ور ترین تکون کے لئے ہر دور حکومت میں ممد ومعاون رہے ہیں۔ وفاداریاں تبدیل کرنے اور اپنے مفادات کو مقدم رکھنے میں یدطولیٰ رکھتے ہیں۔ مسلم لیگ مختلف ناموں کے سابقوں اور لاحقوں کے ساتھ اب تک عملی سیاست میں یا تو دوسروں کو استعمال کرتی رہی ہے یا کوئی اسے استعمال کرتا رہا ہے۔ مسلم لیگ کے بعد دوسری بڑی سیاسی جماعت جو وجود میں آئی وہ پیپلز پارٹی ہے۔ بنیادی طور پر سوشلسٹ نظریات کا حامل ہونے کے باوجود مسلم لیگ کی نقل کرتے ہوئے جاگیرداروں کی گود میں چلی گئی۔ سوشلسٹوں کا اس پارٹی کے دور اقتدار میں کبھی کوئی مقام رہا نہ ان کی عملی حیثیت رہی۔ پیپلز پارٹی کے کرتے دھرتے بھی دیگر جاگیرداروں کی طرح اپنے مفادات کی خاطر اس پارٹی میں آتے جاتے رہتے ہیں۔ فوج اور بیورو کریسی کے سابق ارکان مسلم لیگ ہی کی طرح اس کے اہم عہدوں پر فائز رہتے ہیں۔

بنیاد پرست اور سوشلسٹ :- پاکستان میں شاید دو ہی ایسے گروہ ہیں جو شدت سے اپنے نظریات پر کاربند ہیں۔ بنیاد پرست پاکستان کی دینی جماعتوں کی صورت میں موجود ہیں اور یہ سب جماعتیں وقتی مفادات کے تحت کبھی کبھی اکٹھی ہو جاتی ہیں اور پھر بکھر جاتی ہیں۔ براہ راست یا بالواسطہ یہ جماعتیں مسلم لیگ یا پیپلزپارٹی کی حمایت میں سرگرم عمل ہیں۔ اور جاگیرداروں کے مفادات کی دانستہ یا نادانستہ تحفظ کرتی نظر آتی ہیں۔ پاکستانی سیاست میں موثر پریشر گروپ ہونے کے سبب نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ پاکستان کی نظریاتی اساس مذہب پر ہونے کے سبب اور عوام کی اسلام سے جذباتی وابستگی کے سبب عوام سے براہ راست رابطہ رکھتے ہیں۔ جو مذہبی جماعتیں حکومت کی حمایت کرتی ہیں وہ اسلام کی خیرخواہ اور جو مخالفت کرتی ہیں انہیں فرقہ پرست' تخریب کار اور دہشت گرد کے خطاب ملتے رہتے ہیں۔

دوسرا گروہ سوشلسٹوں کا ہے جو اپنے بنیادی نظریات اور سرمایہ داروں کے خلاف جدوجہد کا پاکستان میں میدان خالی ہونے کی وجہ سے اپنا کوئی مقام نہ بنا سکے۔ 1970ء میں انتخابات کے بعد جو الیکشن نتائج سامنے آئے تو اس میں سوشلسٹ جماعتوں نے بے مثال کامیابی حاصل کی۔ لیکن سوشلسٹ جماعتوں کے سربراہ تا عمرپاکستان پر حکومت کا خواب دیکھنے لگے اور آخر یہ سوشلسٹ جو حقیقتاً" جاگیردار تھے اپنے اصلی روپ میں اور گروپ میں واپس آ گئے۔ چند بے اختیار سوشلسٹ چہرے ان جماعتوں کے ماضی کی یاد دلاتے رہے۔ سوشلسٹوں کی ازلی مخاصمت بنیاد پرست جماعتوں سے ہے اور ان کے پاس صرف یہی ایک میدان ایسا ہے کہ جس کی آڑ لیکر وہ اپنی قدر و قیمت میں اضافہ کر سکیں۔ اب ان کا مرکز ماسکو کمزور ہو چکا ہے اور کیمونزم کو پاکستان کے عوام میں ویسے بھی کوئی خاص مقبولیت حاصل نہیں۔ اور ان کے مقابلہ میں دینی جماعتوں کے پاس سینکڑوں سال سے بنا بنایا ایسا مواد موجود ہے جن کا سوشلسٹوں کے پاس کوئی توڑ نہیں۔ پیپلز پارٹی کے تیسری دفعہ اقتدار میں آنے کے بعد افلاس کے مارے پاکستانیوں کی نظر میں سوشلسٹ نعرے اپنی قدر وقیمت کھو بیٹھے ہیں اور جس طرح انہیں بیوقوف بنایا گیا اس کا انہیں اندازہ ہو چکا ہے۔ اب نئے سوشل کنٹریکٹ کی آڑ میں اپنا قبلہ ماسکو سے واشنگٹن کی طرف کر چکے ہیں۔ اسی طرح مسلم لیگ نے بھی دینی جماعتوں کو اسلام کے نام پر بیوقوف بنایا تھا وہ بھی عوام کو برگشتہ کر چکے ہیں۔

پاکستان کی دوسری سوشلسٹ جماعت عوامی نیشنل پارٹی جو اپنے نظریات کی مضبوطی میں مشہور تھی نے بھی اب میدان خالی کر دیا ہے اور اپنا وزن کبھی پیپلز پارٹی اور کبھی مسلم لیگ کے پلڑے میں ڈال دیتی ہے۔ نیشنل عوامی پارٹی جو اپنے آپ کو واحد سوشلسٹ پارٹی سمجھتی تھی اس کا مسلم لیگ سے اتحاد حالیہ سیاست کا سب سے بڑا لطیفہ ہے۔

پیپلز پارٹی کا شروع میں سوشلسٹ جماعت ہونے کا اعلان بھی صحیح العقیدہ سوشلسٹوں کو اس جماعت کی حمایت پر آمادہ نہ کر سکا۔ اب چند دانشور یا لیبر لیڈر ہی سوشلسٹ جماعتوں کی نمائندگی کرتے نظر آتے ہیں۔ لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اس خطہ کو بہترین ادب ترقی پسند تحریک نے دیا۔ مرزا ابراہیم، حبیب جالب اوران ہی جیسی بہت سی چند ہستیوں نے اپنے افکار اور عمل سے ہماری ثقافت پر انمٹ نقوش ثبت کئے اور یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ سوشلسٹ تحریک نے ہی چند ایسے سیاسی کارکن اگر زیادہ نہیں تو چند جنہیں حکومتیں پلاٹوں اور لفافوں کی مدد سے خرید نہ سکی اور جن کی ساری زندگی کسمپرسی کے عالم میں گزر گئی۔ لیکن یہ بھی طرفہ تماشہ ہے کہ ترقی پسند لکھنے والے چنداونچے نام بھی فرقہ واریت میں اپنے مسلک کے حوالے سے ملوث ہیں۔دینی جماعتیں باوجودیکہ ٹھوس بنیادی نظریات رکھنے کے انتخابات میں کوئی واضح حیثیت حاصل کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہیں۔ اور اب ان کی حیثیت اتنی کم ہو چکی ہے کہ حکومتیں ان کی مرضی کے خلاف آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اپنی مرضی کی قانون سازی کرلیتی ہیں۔ اور ان میں سے کچھ جماعتیں تو اپنے مفادات کی خاطر آنکھیں موند لیتی ہیں۔ یا اخباری بیانات کے بعد چپ سادھ لیتی ہیں۔ البتہ ان معدودے چند علماء حق کا تذکرہ بے محل نہ ہو گا جن کی دین سے محبت اور اس کے عملی ثبوت نے چند علماء سو کیلئے وہ پلیٹ فارم میسر کیا جس کی بنیاد پر وہ اپنی ساکھ قائم رکھے ہوئے ہیں۔ دینی تعلیم اور مدرسوں پر تنقید کرنا تو بہت آسان ہے لیکن جن حالات میں چندوں اور محلوں کی روٹیوں پر کسمپرسی کے عالم میں یہ علم کی شمع جلائے ہوئے ہیں اور اسلام کے بنیادی عقائد کا پرچم بلند کئے ہوئے ہیں وہ قابل تعریف ہیں۔ حتیٰ کہ ان دینی تعلیمی اداروں کی بے بسی کا یہ حال ہے کہ ان اداروں میں لوگ محض اس ڈر سے اپنے بچوں کو داخل نہیں کراتے کہ معاشرہ کہیں انہیں مفلس نہ سمجھنے لگ جائے اور لوگوں میں ان کی عزت کم نہ ہو جائے، علماء بہ نفس نفیس فروعی مسائل میں اس قدر الجھ گئے ہیں کہ اپنی قدر و قیمت کھو بیٹھے ہیں۔ حتیٰ کہ ایک ہی فقہ کے پیروکار فرقوں، عقیدت در عقیدت کے جال میں اتنے پھنس چکے ہیں کہ ان کو خود اس سے گلو خلاصی کی کوئی راہ دکھائی نہیں دیتی۔ اسی وجہ سے رائے عامہ نے لاؤڈ سپیکر پر پابندی لگنے کے بعد اطمینان کا اظہار کیا ہے اور جب کوئی مذہبی جماعت جلوس نکالنے کا اعلان کرتی ہے تو ہر شریف شہری خوف زدہ ہو جاتا ہے۔ ممکن ہے مذہبی جلوسوں پر پابندی لگنے اور انہیں عبادت گاہوں تک محدود کرنے کے بعد ہی ان علماء کو شاید اپنے ماضی پر نظر ثانی کا موقعہ مل سکے۔

پاکستان میں پریس کا کردار بھی اب ڈھکا چھپا نہیں رہا۔ ملکی حالات کی روشنی میں ریاست کا یہ چوتھا ستون بھی بڑی جماعتوں یا جاگیرداروں کی براہ راست یا بالواسطہ حمایت میں سرگرداں نظر آتا ہے۔ حکومتی اشتہارات نے ان کی حق گوئی کو متاثر کیا ہوا ہے۔ یہ بھی مراعات لینے میں کسی سے پیچھے نہیں

ہیں۔ ایک موثر پریشر گروپ ہونے کی وجہ سے ہر آنے والی حکومت اپنے من پسندوں کو پلاٹوں' بیرونی دوروں اور حکومتی اشتہارات سے نوازتی رہتی ہے۔ پاکستان میں اخبارات ایک منافع بخش صنعت کا درجہ رکھتے ہیں۔

پاکستانی سرمایہ دار' سرمایہ دار کی بین الاقوامی طور پر مانی گئی تعریف پر کسی طرح پورا نہیں اترتے۔ جن صنعتوں کو یہ قائم کرتے ہیں ان کو ملکی قرضوں سے بناتے ہیں اور پھر ان صنعتوں کو جاگیرداری طور طریقوں سے چلاتے ہیں حتیٰ کہ نیشنلسٹ بورژوا یا (Capitalist) کی تعریف پر بھی پورا نہیں اترتے۔ ملکی اداروں سے حاصل کردہ قرضوں کے بل بوتے پر اگر کوئی سیاسی مقام مل جائے تو اپنے اداروں میں ٹریڈ یونین کو ختم کرنے اور عوام کی آواز دبانے میں صرف کرتے ہیں۔ حب الوطنی کے نام پر حکومت سے مراعات حاصل کرتے ہیں اور پھر ان مراعات کے بل بوتے پر قیمتوں سے لیکر اقتصادیات تک اپنا مکمل تسلط قائم کرلیتے ہیں۔

بیورو کریسی سر سے پاؤں تک سیاستدانوں کے ساتھ ہر معاملہ میں شریک اور ان کی معاونت کرتی ہے اور ریٹائرمنٹ کے بعد اپنی پسندیدہ سیاسی جماعتوں میں شمولیت اختیار کر کے اپنا حق نمک ادا کرتی نظر آتی ہے۔ اگر کوئی بیورو کریٹ حق گوئی کا مظاہرہ کرنے کی کوشش کرے تو اسے اس کا خمیازہ بھگتنا پڑتا ہے۔ قانونی تحفظات کی وجہ سے یہ موثر قوت ہے اور ملکی حالات کی خرابی میں برابر کے شریک اور مفاد حاصل کرنے میں کسی سے کم نہیں۔ بیورو کریسی اصل میں کرپشن کی عمارت کا اہم ستون ہے۔

فوج کا کسی نہ کسی بہانے حکومت پر قبضہ رہا۔ جمہوری حکومتوں سے چھٹکارا حاصل کرنے میں بعض اوقات براہ راست اور بعض صورتوں میں بالواسطہ کردار رہا۔ ریٹائرڈ فوجیوں کی ایک بڑی تعداد سیاسی جماعتوں میں شامل ہے۔ پاکستان میں فوج اقتدار کی تکون کا تیسرا اہم جزو ہے۔

پیر' سجادہ نشین اور مجاور دینی جماعتوں سے الگ براہ راست اپنے ذاتی مفاد کے حصول کے لئے سرمایہ داروں اور جاگیرداروں کے آلہ کار بنے ہوئے ہیں۔ بعض پیروں کا تو بذات خود بڑے جاگیرداروں میں شمار ہوتا ہے۔ ضعیف الاعتقاد عوام ان کو پھر اپنا نمائندہ چن کر اسمبلیوں میں بھیج دیتی ہے۔ پیپلز پارٹی کے سوشلسٹ نعرہ پر شروع میں دونوں ایک دوسرے سے کھنچے رہے لیکن جلد ہی دونوں نے ایک دوسرے کو قبول کر لیا۔ یہ پاکستان کا مضبوط ترین گروپ ہے مالی وسائل میں خودکفیل اور مفادات کے حصول کی دوڑ میں کسی سے کم نہیں۔ ان تصوف کے پیروکاروں کے ہاتھ میں موبائیل فون' سواری کیلئے پجارو' رہنے کے لئے بنگلے' کاروبار کے لئے پلازہ' پیٹرول پمپ اور وسیع و عریض جائیدادیں' نوکر چاکر ان کے ٹھاٹھ باٹھ' بنیاد پرستوں سے کہیں زیادہ ہیں جن کا وہ تصور بھی نہیں کر سکتے۔ یہ سوشلسٹوں کے ساتھ بھی ہیں' جاگیرداروں کے ساتھ بھی' مارشل لاء کے ساتھ بھی ہیں۔ غرض جہاں جس کا مفاد

ہے موجود ہیں۔ پریشر گروپ سے زیادہ حکومتوں میں شامل ہونا پسند کرتے ہیں۔ اور کسی قسم کا مالی نقصان گوارا نہیں کرتے۔

یہ مختصر تعارف تھا پاکستان کی جمہوری حکومت' اس کی سیاست کے محور اور پریشر گروپوں کا اب تھوڑا سا ذکر عدلیہ کا بھی ہو جائے۔ پاکستان میں عام آدمی کے لئے انصاف کا حصول بہت مشکل کام ہے۔ برسا برس تک لوگ عدالتوں کے چکر لگاتے رہتے ہیں۔ اکثریت تو اس پریشانی سے بچنے کے لئے عدالت میں جانے سے گریزاں ہے۔ عدالتوں کے فیصلوں پر حکومت اثر انداز ہوتی ہے یا نہیں لیکن اکثر اوقات یہ دیکھنے میں آتا ہے کہ حکومت اپنے سیاسی مخالفین سے انتقام لینے کے لئے یا دوسرے ذرائع سے عدلیہ کا سہارا لینے کی کوشش کرتی ہے۔ عام آدمی یہ دیکھ کر حیران ہو جاتا ہے کہ بعض فیصلے بھی حکومت کی منشاء کے مطابق ہوتے ہیں۔ اور جب حکومتیں بدلتی ہیں تب بھی یہ عمل جاری رہتا ہے۔ اس ملک میں سیاسی لوگوں کو بھی جج لگایا جاتا ہے۔ اور عدلیہ کو بہت سے ایسے مسائل کا سامنا ہے جن کی وجہ سے عدالت کو انصاف کے مطابق فیصلہ کرنے میں دشواری پیش آتی ہے اور اس وجہ سے ہی فیصلہ کرنے میں عوام عدالت کے فیصلوں سے مطمئن نہیں ہوتی۔ پولیس جعلی مقابلوں میں حکومت کے سیاسی مخالفین کو ہلاک کر دیتی ہے لیکن عدالتیں اس پر کسی ردعمل کا اظہار نہیں کرتیں۔ بعض اوقات ایسے لوگ جنہیں دہشت گرد اور اشتہاری مجرم قرار دیا جاتارہا ہو وہی لوگ بغیر کسی عدالتی تحقیق کے یا اپنی صفائی پیش کئے بغیر انصاف کی کرسی پر براجمان ہوجاتے ہیں۔ باضمیر اور اپنے عہدہ سے انصاف کرنے والے عدلیہ کے جج بھی موجود ہیں جن کی وجہ سے عدالتی نظام چل رہا ہے ورنہ یہ بھی ہمارے سیاسی نظام کی طرح بے یقینی کا شکار ہو جاتا۔ لیکن انصاف کا حصول اس قدر منگا اور مشکل عمل ہے کہ غریب عوام اپنی داد رسی کیلئے آواز اٹھانے کی ہمت بھی نہیں کرپاتے۔ پولیس مقابلوں اور حراست میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ ہو رہا ہے۔

پاکستان میں لسانی اور مذہبی جھگڑے

کافی عرصے سے پاکستان کی سرزمین لسانی اور مذہبی جھگڑوں کی آماجگاہ بنی ہوئی ہے۔ خونریزی اور فسادات نے ایک مستقل درد سر میں مبتلا کر دیا ہے۔ کوئی صوبہ ایسا نہیں جہاں لسانی و مذہبی جھگڑے موجود نہ ہوں۔ پختونستان کا مسئلہ ہو یا سندھو دیش کا' سرائیکی صوبہ ہو یا مہاجروں کا مسئلہ' سنی اور شیعہ مسئلہ ہو یا ذکری اور احمدی جھگڑا۔ اب تو ان جھگڑوں نے بہت خطرناک صورتحال اختیار کر لی ہے۔ ایک حکومت انہیں دہشت گرد' تخریب کار قرار دیتی ہے تو اگلی حکومت میں یہی لوگ حکومت میں شامل نظر آتے ہیں۔ لہٰذا عوام یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ آیا یہ گروپ جھگڑے اور تخریب کاری میں

براہ راست ملوث بھی ہیں یا بیرونی طاقتوں کے ایجنٹ ایسا کر رہے ہیں۔

پاکستان میں شیعہ سنی مسئلہ پر شدت کی بنیادی وجہ ایرانی انقلاب پر رد عمل ہے۔ اور پاکستان میں صحیح مردم شماری نہ ہونے کے باعث آج تک مذہبی گروہوں کی صحیح تعداد معلوم نہ ہو سکی۔ اہل سنت' اہل حدیث' اثنا عشری' آغا خانی بوہرے' ذکری اور دیگر فرقوں کی صحیح تعداد معلوم نہ ہونے کی وجہ سے یہ اپنی آبادی کے بارے میں متضاد دعوے کرتے رہتے ہیں۔ اور حکومت دباؤ میں آ کر ایسے قوانین کا نفاذ کر دیتی ہے جو قومی یکجہتی کو سخت نقصان پہنچانے کا سبب بن جاتے ہیں۔ صرف زکواۃ کا مسئلہ ہی لیں تو بہت سے مفاد پرست زکواۃ سے بچنے کے لئے جھوٹے بیان حلفی دیتے نظر آتے ہیں۔ اسی طرح کے اور بہت سے مسائل جو ہماری کتاب کے موضوع سے خارج ہیں آئے دن کے فتنہ و فساد کا باعث بنتے ہیں۔

اسی طرح لسانی جھگڑے مستقل روگ بن گئے ہیں کراچی کے مسائل پر ساری دنیا میں ہماری جگ ہنسائی ہو رہی ہے۔ پختونستان' سرائیکی' بلوچستان میں پختون اور بلوچی جھگڑا' سندھی اور مہاجر کا جھگڑا کوئی ڈھکے چھپے نہیں ہیں۔

دنیا کے دیگر ممالک میں لسانی اور مذہبی تقسیم

لسانی اور مذہبی تقسیم صرف پاکستان ہی نہیں بلکہ اس کا اثر پوری دنیا پر ہے۔ مذہبی اور لسانی گروہ اپنے جمہوری حقوق حاصل کرنے کے لئے ہاتھ پاؤں مار رہے ہیں۔

آبادی کی لسانی تقسیم پر اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ

اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ کے مطابق "دنیا بھر میں صرف 20 کے قریب ممالک کو لسانی لحاظ سے یکساں قرار دیا جا سکتا ہے۔ اگرچہ لسانیت کی بدلتی ہوئی تعریف کے تحت ٹھیک اعداد و شمار حاصل کرنے مشکل ہیں۔ لیکن یہ صحیح ہے کہ لسانی اختلافات بہت زیادہ ہیں۔ تقریباً" 40 فیصد دنیا کی آبادی میں پانچ بڑے لسانی گروہ ہیں جو مختلف ملکوں میں آباد ہیں۔ جن میں ایک یا ایک سے زیادہ فرق کرنے والے ہیں۔ صرف نائیجیریا میں 450 مختلف لسانی گروپ ہیں' ہندوستان میں 350' ایتھوپیا میں 90 اور برازیل میں یہ تعداد 80 ہے۔ یہ فرق بعض ملکوں میں کامیابی سے معاشرتی اور سیاسی پختگی کی وجہ سے دور کر دیا گیا ہے۔ مثلاً سوئیٹزرلینڈ' مارلیشس اور ملائیشیا وغیرہ ان ملکوں میں ایسا انتخابی طریقہ کار نافذ کیا گیا ہے کہ اقلیتی آبادی کی نمائندگی لازمی ہو جاتی ہے۔ یہ اندازہ لگایا گیا ہے کہ دنیا کے آدھے سے زیادہ ملکوں نے حال ہی میں اندرون ملک لسانی نزاع کا سامنا کیا ہے۔ 1989ء اور 1992ء کے درمیانی عرصے میں جو 82 نزاع وقوع پذیر ہوئے ہیں۔ ان میں سے 79 سے زیادہ واقعات قوموں کے درمیان

ہونے کی بجائے خانہ جنگی کی شکل میں درپیش آئے۔ روانڈا میں ہوتو اور توتسی قبائل کے درمیان ہونے والے تنازع میں صرف اپریل اور اگست 1994ء کے درمیان دس لاکھ افراد مارے گئے۔ جو کل آبادی کا آٹھواں حصہ تھے۔ 20 لاکھ افراد ملک چھوڑنے پر مجبور ہوئے۔ یوگوسلاویہ میں 1991ء سے اب تک ایک لاکھ تیس ہزار افراد مارے جا چکے ہیں اور تقریباً" 20 لاکھ افراد گھر چھوڑ چکے ہیں۔

(Ethnic violence, Daily Muslim, 17/3/1995.)

جبر اور خوف میں مبتلا کر کے کسی بھی لسانی اقلیت کو اپنی زبان بدلنے پر مجبور نہیں کا جا سکتا۔ پروفیسر احمد حسن دانی نے سنٹرل ایشیا کے بارے میں اپنے مضمون میں تحریر کیا ہے کہ سویت یونین نے (سنٹرل ایشیا کے مسلمانوں کو) روسی زبان تک محدود کرنے کے لئے ان کی زبان اور اس کے رسم الخط پر پابندی عائد کرنے کی کوشش کی تاکہ وہ اپنے ماضی کے علمی اور تہذیبی سرمایہ سے دور ہو جائیں۔

(Daily Muslim 23/3/1995.)

دنیا کی آبادی کی مذہبی تقسیم اور مسلم ممالک کی صورتحال

دنیا کے ممالک میں مذہبی تقسیم بھی لسانی تقسیم کی طرح کوئی کم درجے کی نہیں ہے۔ اس تقسیم نے بھی سینکڑوں گھر اجاڑ دیئے ہیں۔ اور لاکھوں افراد اس کا شکار بن چکے ہیں۔ صرف چند مسلم مملک کی صورتحال اس سلسلے میں درج ذیل ہے جن سے مسلم فرقوں کے مابین مخاصمت اور مذہبی تفریق کے نمایاں پہلوؤں پر روشنی پڑ سکتی ہے۔

افغانستان:- ایک جریدے نے حال میں ہی ایک رپورٹ شائع کی جس کے مطابق افغانستان کے سلسلہ میں جو گرانڈ شوریٰ کا اجلاس فروری 1989ء میں منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں ایران نے افغانستان میں شیعہ گروپوں کے لئے ایک تہائی نشستیں مختص کرنے پر اصرار کیا۔ جس پر مجاہدین نے انکار اور ایران نے اصرار جاری رکھا۔ مجاہدین کا کہنا تھا کہ افغانستان میں شیعوں کی آبادی کی تعداد کے بارے میں ایران غلط فہمی کا شکار ہے۔ ظاہر شاہ کے دور حکومت میں جو کہ ایک سیکولر حکومت تھی۔ افغانستان کی 243 سے زائد تحصیلوں میں سے صرف آٹھ تحصیلوں کو شیعہ اکثریتی تحصیلیں قرار دے کر ان سے شیعہ نمائندے لوئی جرگہ میں لئے گئے تھے۔ افغانستان کی شیعہ آبادی جغرافیائی لحاظ سے ایرانی سرحد ،ں کے درمیان سنی آبادی پر مشتمل افغان صوبے حائل ہیں۔ جبکہ افغانستان سے ملنے والی ایرانی سرحدوں پر ایران کی سنی آبادی پھیلی ہوئی ہے۔ (ہفت روزہ تکبیر' رپورٹ رفیق افغانی 3/1/1991)

ایران:- ایران شیعہ اکثریتی ملک ہے۔ لیکن وہاں کی سنی آبادی کے اعداد وشمار سامنے نہ آنے کی وجہ سے شکوک وشبہات کی فضا پیدا ہوئی۔ اس کے علاوہ ایرانی انقلاب شیعہ علماء لے کر آئے اور دیگر

مسلم ممالک میں آباد شیعہ علماء کی اکثریت چونکہ ایران یا عراق کے مدرسوں سے فارغ التحصیل تھی لہٰذا ان کا رابطہ کسی نہ کسی صورت ایران کے ان علماء سے بھی تھا جو انقلاب کے بعد سیاسی عہدوں پر فائز ہو چکے تھے۔ یہ نہ صرف ان کے لئے حوصلہ مندی کا باعث تھی بلکہ ایران جیسے امیر ملک نے جب اس انقلاب کو اسلامی انقلاب سے تعبیر کیا تو دنیا بھر کے مسلمانوں نے بھی اس کی حوصلہ افزائی کی اور ایرانی حکومت اکثر مسلمان ممالک کے مختلف مسالک سے تعلق رکھنے والے علماء اور دانشوروں کی میزبانی کرتی رہی تاکہ مغربی ممالک نے جو اس انقلاب کے خلاف پروپیگنڈا شروع کیا ہوا تھا اس کا اثر کم ہو سکے پاکستان کے سنی علماء اور سیکولر و سوشلسٹ دانشور بھی میزبانی کا لطف اٹھاتے رہے۔ لیکن ایرانی انقلاب چاہے جتنی بھی دیانتداری سے نافذ کیا گیا ہو۔ مسلمانوں کی فلاح و بہبود کے لئے ان کے پاس کتنے ہی پروگرام ہوں۔ اسلام دشمن قوتوں کے لئے ان کے عزائم چاہے جتنے بھی بلند ہوں۔ لیکن ایران کی سنی اقلیت کے بارے میں جب بھی ذکر ہوا وہاں ایرانی انقلاب کی چمک دمک ماند پڑ گئی۔ اس کے علاوہ چند مسلم سنی اکثریتی ممالک نے بھی شکایت کی کہ ان ممالک میں آباد شیعہ آبادی کو تحریک دینے کے پیچھے ایران کا ہاتھ ہے۔ ایران کے اپنے ملک میں عراق کی حکومت کے خلاف جلاوطن حکومت قائم کرنا وغیرہ شامل ہے۔ لیکن سنی اقلیت کا ایران میں مسئلہ ایرانی حکومت کا کمزور پہلو بن گیا۔ حتیٰ کہ کچھ عرصہ پہلے نائب امیر طالبان (افغانستان) نے بیان دیا کہ اگر ایران نے افغان معاملات میں مداخلت کی تو پھر ایران میں اہلسنّت سے نامناسب طرز عمل پر بھی بات ہو گی۔ (نوائے وقت 22/2/1995)

ایران کی سنی آبادی کے اعداد و شمار اور وہاں صحیح مردم شماری نہ ہونے کے سبب مختلف حلقے متضاد دعویٰ کرتے رہتے ہیں۔ مثلاً

i. ایران میں 33% سنی آباد ہیں۔ (نقطہ نظر ہفت روزہ زندگی لاہور 12/1/90)

ii. ایران کی آبادی میں سنی 25% سے کم نہیں۔ (مولانا زاہد الراشدی' ہفت روزہ زندگی 5/1/90)

iii. ایران میں سنی 7% ہیں (تھے)- (ایران پاسٹ اینڈ پریزنٹ' ڈونالڈ این ولبر 1950ء)

iv. ایران میں شیعہ آبادی 95% ہے-- (ورلڈ المانک 1995ء نیو یارک)

آئندہ صفحات میں ایران کی آبادی کا ایک جائزہ بھی شامل ہے جو مختلف حوالوں سے درج کیا گیا ہے اور وہاں کی لسانی ومذہبی تقسیم کو نمایاں کیا گیا ہے۔

احمدی :- پاکستان کے علاوہ ایک دو اور مسلم ممالک میں انہیں غیر مسلم قرار دیا جا چکا ہے۔ لیکن دنیا بھر کے دیگر ممالک میں ان کی تعداد کو مسلم آبادی ہی میں شامل کیا جاتا ہے۔ ان کے علیحدہ اعداد وشمار میسر نہیں ہیں۔ بعض ممالک میں یہ سرے سے موجود ہی نہیں وہاں صورتحال دوسری ہے۔ لیکن احمدی

غیر مسلم ممالک میں بھی خاصی تعداد میں آباد ہیں۔

پاکستان :- یہاں بھی صورتحال ایران کی طرح ہے لیکن یہاں شیعہ آبادی کے اعداد وشمار میسر نہیں۔ لہٰذا صورتحال واضح نہیں ہے۔ اس سلسلے میں متضاد دعوے کئے جاتے ہیں۔ مثلاً

i. پاکستان میں شیعہ آبادی 1.77% ہے (ماہنامہ الحق اکوڑہ خٹک جون 1992ء)

ii. شیعہ رہنماؤں کے بیانات جو اخبارات میں شائع ہوتے رہتے ہیں ان کے مطابق ان کے فرقہ کی آبادی ایک کروڑ اور تین کروڑ کے درمیان ہے!

iii. دیگر شیعہ فرقے جن میں اسماعیلی، بوہرے، نور بخشی وغیرہ شامل ہیں ان کے اعداد وشمار بھی میسر نہیں ہیں۔

iv. پاکستان میں آباد ذکری فرقے کی صحیح آبادی بھی معلوم نہیں ہو سکی۔

v. صرف اطمینان بخش اعداد وشمار غیر مسلموں کے میسر ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی نمائندگی ان کے لئے اطمینان بخش ہے۔ اور پاکستان میں اقلیت سیاسی لحاظ سے مطمئن ہے۔ پاکستان کی آبادی میں دیگر فرقوں کی آبادی جاننے کے لئے برصغیر کے تقریباً سو سال پہلے سے اعداد وشمار پیش کئے گئے ہیں۔ اس سلسلہ میں مردم شماری اور گزیٹر بہت کارآمد ثابت ہوئے۔(تفصیلات آئندہ صفحات میں ملاحظہ فرمایئے)

عراق :- دنیا کا ایسا ملک ہے جہاں دنیا کی بدترین لسانی و مذہبی تقسیم موجود ہے۔ اور وہاں حالات اس موڑ پر پہنچ چکے ہیں کہ جنوبی عراق جہاں شیعہ آبادی کی اکثریت ہے اس کو عراق سے الگ کرنے کے لئے سامراجی قوتیں ایڑی چوٹی کا زور لگا رہی ہیں۔ حتیٰ کہ اخباری رپورٹ کے مطابق اس علاقے پر عراقی حکومت بلا اجازت اپنے ہوائی جہاز بھی نہیں گزار سکتی۔ دوسری طرف کرد اپنے علیحدہ تشخص کے لئے سرگرداں ہے۔ عراق کے علاوہ دیگر علاقے بھی جہاں کرد آباد ہیں، اس لپیٹ میں آ چکے ہیں۔ ترکی اور شام بھی انہی مشکلات کا شکار ہیں۔ عراقی آبادی اور اس میں شامل مختلف لسانی و مذہبی گروپوں کی آبادی مختلف حوالوں کے ساتھ آئندہ صفحات میں دی گئی ہے۔ عراقی حکومت میں شامل اعلیٰ عہدیداروں کی تفصیل بلحاظ مذہب ولسانیت شامل ہیں۔ البتہ سرکاری سطح پر جو اعداد وشمار پیش کئے گئے ہیں وہ دیگر حوالوں سے نزدیک ترین ہیں۔

شام اور لبنان :- شام میں حالات دیگر مسلم ممالک سے انتہائی مختلف ہیں۔ یہاں انتہائی کم تعداد میں آباد اقلیت سنی اکثریت پر چالیس سال سے حکومت کر رہی ہے۔ یہاں کے شیعہ دروز، سیکولر ازم اور سوشلزم کی آڑ میں حقیقی اعداد وشمار پیش کرنے کی ہمت نہیں پاتے۔ شام کی لسانی اور مذہبی تقسیم کی تفصیل بھی آئندہ صفحات میں پیش کی گئی ہے۔ اور یہاں کے بڑے شہروں میں چند برس بیشتر آبادی کا

جائزہ بھی شامل ہے جسے آئندہ صفحات میں ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

لبنان کی صورتحال تو ایک عالم جانتا ہے۔ وہاں کی بدترین صورتحال اور لسانی ومذہبی تقسیم تو اتنی شدید ہے کہ پورا ملک عملاً مختلف گروہوں کے قبضہ میں ہے۔

ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں لسانی اور مذہبی تقسیم

دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کا علمبردار اور اپنی پسند کے حکمرانوں کو دنیا بھر میں اقوام پر مسلط کرنے کی استطاعت رکھنے والے اس ملک میں لسانی اور مذہبی گروہوں کی کیا پوزیشن ہے اس پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔

1990ء میں ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں انگریزی کے علاوہ بولی جانے والی پہلی 25 گھریلو زبانیں اور ان کی تفصیل اس طرح تھی۔(تعداد)

زبان	تعداد	زبان	تعداد	زبان	تعداد
ہسپانوی	1,73,39,000	فرانسیسی	17,03,000	جرمن	15,47,000
اطالوی	13,09,000	چینی	12,49,000	ٹاگا لوگ	8,43,000
پولش	7,23,000	کورین	6,26,000	ویتنامی	5,07,000
پرتگیزی	4,30,000	جاپانی	4,28,000	یونانی	3,88,000
عربی	3,55,000	ہندی، اردو	3,31,000	روسی	2,42,000
یدش	2,13,000	تھائی	2,06,000	فارسی	2,02,000
فرنچ کریول	1,88,000	آرمنی	1,50,000	ناواجو	1,49,000
ہنگرین	1,48,000	ہبرو	1,44,000	ڈچ	1,43,000

(Bureau of Census, U.S. Deptt of Commerce) Page 600 World Almanac)

امریکہ میں پانچ سال اور زیادہ عمر والے افراد کی تعداد 23,04,45,777 تھی۔ جن میں انگریزی بولنے والے 19,66,00,798 افراد اور تقریباً 13.8 فیصد افراد دوسری زبانیں بولتے ہیں جن کی مجموعی تعداد 3,18,44,979 تھے۔

امریکہ میں مذہبی گروپ یا فرقے:- مسلم 33,32,000، بہائی 50,000، بدھ 5,90,000، ہندو 3,40,000، یہودی (تین فرقے) کل تعداد 43,00,000

بڑے عیسائی فرقے:-

i. ایڈونٹسٹ(Adventist) چرچ (4 فرقے) سب سے بڑے فرقے کی تعداد 7,48,000

ii. بپٹسٹ چرچ(Baptist): (19 فرقے) جن میں بڑا چرچ نیشنل مشنری بپٹسٹ کونشن آف امریکہ کی تعداد 25 لاکھ اور ساؤتھرن بپٹسٹ کونشن کی تعداد 1,53,58,866 ہے۔

iii. بریدرن (جرمن بپٹسٹ چرچ) (2 گروپ)

iv. بریدرن (ریور چرچ) (2 گروپ)

v. کرسچین بریدرن چرچ

vi. کرسچین کیتھولک چرچ

vii. کرسچین نیشنل چرچ

viii. کرسچین یونین

ix. کرسچین چرچ 10,11,502

x. کرسچین کون گریگیشن 1,11,324

xi. چرچ آف کرائسٹ (2) بڑے چرچ کے ممبران 16,84,872

xii. چرچ آف گاڈ (5)

xiii. چرچ آف نزارین تعداد 5,73,834

xiv. انٹرنیشنل کونسل آف کمیونٹی چرچز 5,00,000

xv. کنزرویٹو کرسچین (2)

xvi. ایسٹرن آرتھوڈوکس چرچ (16) جن میں بلغارین' یونانی' رومانی' سربین' شامی' یوکرائنی چرچ شامل ہیں۔ سب سے بڑے یونانی چرچ کے ممبران کی تعداد 15 لاکھ ہے۔

xvii. Episcopal چرچ 24,71,880 ایونجلیکل چرچ (کئی چرچ)

xviii. لوتھرن چرچ (13) جس میں انجولیکل لوتھرن چرچ آف امریکہ کے 52,34,568 ممبر' لوتھرن چرچ (Missouri Syhod) کے 26,09,905 ممبر۔

xix. مینو نائٹ چرچ (9)' میتھوڈسٹ چرچ (10)' جس میں افریقین میتھوڈسٹ کے 35 لاکھ' افریقین میتھوڈسٹ Episcopal Zion کے 12 لاکھ' اور یونائیٹڈ میتھوڈسٹ چرچ کے 87,89,101 ممبر۔

xx. پینٹی کوسٹل چرچ (17) جس میں سے صرف اسمبلیز آف گاڈ 22,57,846 اور چرچ آف گاڈ ان کرائسٹ کے 54,99,875 ممبر

xxi. (Presbyterian) چرچ (8) اور جس میں سے صرف (Presbyterian) چرچ آف امریکہ 37,58,085

xxii. ریفارمڈ چرچ (6) جس میں سے صرف یونائیٹڈ چرچ آف کرائسٹ 15,55,382 افراد

xxiii. رومن کیتھولک چرچ 5,92,20,723 وغیرہ

(بریکٹ میں چرچ کی تعداد ہے جسے فرقہ یا گروپ کہہ سکتے ہیں)

Source :- 1994 year Book of Amercian & Canadian Churches

World Almanac Research, Page 729 World Almanac

یہ امریکہ کی صورت حال تھی کینیڈا کی صورتحال بھی اس سے مختلف نہیں ہے۔
کینیڈا :- یہاں بھی 60 سے زائد مختلف چرچ ہیں جن میں سے رومن کیتھولک چرچ کے 1,18,52,350 ممبر' انجلیکل چرچ آف کینیڈا کے 8,48,256 ممبر' اور یونائیٹڈ چرچ آف کینیڈا کے 19,84,307 ممبر ہیں۔

افراد قوم اور ان کی حیثیت کا تعین

پاکستان اور دیگر چند ممالک کی جو مثالیں اوپر گزر چکی ہیں۔ ان کو بیان کرنے کا مقصد ان بنیادی عوامل کو پیش کرنا تھا کہ جن کی وجہ سے جمہوری نظام خطرے سے دو چار ہے۔ افراد جن سے قوم وجود میں آتی ہے اور ان ہی افراد کی رائے سے حکومت وجود میں آتی ہے۔ قوم کا یہ اہم فرد بعض صورتوں میں کتنا غیر اہم ہے کہ اس شخص کے بارے میں نہ تو حکومت کے پاس مکمل کوائف ہوتے ہیں اور نہ ہی مکمل اندراج۔ جمہوری حکومت کو وجود میں لانے کے لئے ان کے سر تو گن لئے جاتے ہیں لیکن اس ہی شخص کی فلاح و بہبود اور نمائندگی کی دعویدار حکومت اس خاموش محرک کو جانتی بھی نہیں۔ نہ ہی اس شخص کے مکمل کوائف سے ریاست واقف ہوتی ہے نہ ہی ان کا اندراج کیا جاتا ہے۔ قوم کا یہی فرد پیدا ہونے کے بعد ساری عمر ریاست کی خدمت کرتا ہوا قبر میں جا سوتا ہے اور ریاست کو خبر بھی نہیں ہوتی کہ حکومت بنانے کا محرک کوئی تھا بھی یا نہیں۔

افراد کے بعض کوائف تو حکومتیں خود ہی درج کرتی ہیں۔ لیکن بعض اوقات لسانی، مذہبی یا نسبی و قبائلی اعداد وشمار کو درج کرنا ہی ملکی وحدت یا قومیت کے خلاف تصور کیا جاتا ہے۔ لہذا دنیا کی تمام آبادی کے اعداد وشمار جمع کرنا ناممکن ہے۔ البتہ بعض حکومتیں اپنی مرضی سے جو اطلاعات دیتی ہیں ان پر ہی قناعت کرنا پڑتا ہے۔ اس کے علاوہ کوئی ایسا غیر جانبدار ذریعہ نہیں جو صحیح معلومات فراہم کر سکتا ہو۔ البتہ ماہرین اندازے سے اپنے خیالات سے آگاہ کرتے رہتے ہیں۔

اس کتاب میں زیادہ توجہ وطن عزیز کے موجودہ حالات کی وجہ سے پاکستان پر ہے۔ اس میں تقسیم برصغیر سے پہلے کے اعداد و شمار شامل کئے گئے ہیں اسی طرح مسلم ممالک جہاں لسانی و مذہبی تقسیم نمایاں ہے یا اقلیت اور اکثریت کا مسئلہ ہے ان کو بھی قدیم و جدید اعداد و شمار کی روشنی میں پیش کیا گیا ہے۔ دنیا بھر کے مسلمانوں کی تعداد اور ان کی مذہبی اور لسانی تقسیم کو نمایاں کیا گیا ہے۔

مذہبی فرقہ واریت اور لسانی تقسیم صرف مسلم ممالک میں ہی نہیں بلکہ یہ ساری دنیا کا مسئلہ ہے۔ اسی لئے پوری دنیا کی آبادی کے مختصر اعداد وشمار درج کئے گئے ہیں۔ دنیا کے مختلف ممالک میں اپنی نوعیت کے مسائل ہیں جن سے ہر ملک اپنی جگہ نبرد آزما ہے لیکن یہ حقیقت ہے کہ دنیا بھر میں یہ تقسیم موجود ہے۔ اس میں نہ تو حکومتوں کا قصور ہے اور نہ ہی افراد قوم کا۔ یہ قدرتی امر ہے کہ ہر انسان اپنی مرضی سے کسی قبیلہ یا قوم میں پیدا نہیں ہوتا۔ اور اکثریت وہی زبان یا مذہب اختیار کرتی ہے جو اسکے والدین یا قبیلہ میں رائج ہوتا ہے۔ اپنی مرضی سے مذہب تبدیل کرنے والوں کی تعداد آٹے میں نمک کے برابر ہے۔ البتہ غیر زبان یا مذہب صرف بحالت مجبوری ہی اختیار کیا جاتا ہے۔ کہ یا

تو وہ محکوم ہو جائیں یا پھر مذہبی پابندیاں انہیں اچھوت بنا دیں۔ اور معاشرے میں ان کی حیثیت برابری کی جائے کم ترحیثیت سے مستحکم ہو جائے۔ تو مجبوا" اپنامذہب تبدیل کرنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔ معاشی حالات انسانی زندگی پر بہت اثر ڈالتے ہیں لیکن یہ بہت کم دیکھا گیا ہے کہ معاشی حالات سے مجبور ہو کر بڑے پیانے پر مذہبی تبدیلی یا دوسری زبان اختیار کرنے کی کوشش کی جائے۔

پاکستان میں حالات جس نہج پر جا رہے ہیں' فرقہ واریت اور لسانیت کے عفریت نے اسے اپنی لپیٹ میں لیا ہوا ہے۔ لسانیت کے جھگڑے نے ملک کو پہلے ہی تقسیم کر دیا اور ہم اپنے ملک کے بہت بڑے حصہ سے محروم ہو چکے ہیں۔ سندھ کے حالات سب کے سامنے ہیں جہاں وہی تاریخ دہرائی جانے کو تیار ہے۔ فرقہ واریت کی بھینٹ سینکڑوں افراد چڑھ چکے ہیں۔ حکومت ان مسائل کے سامنے بے بس ہے۔ صرف اپنی ساکھ بچانے کے لئے ہاتھ پاؤں مار رہی ہے۔

آخر ان مسائل کا کیا حل ہے۔ اس کتاب میں جو اعداد و شمار پیش کئے گئے ہیں۔ وہ صرف مجبوری کے تحت سامنے لائے گئے ہیں کہ پاکستان میں آبادی کا صحیح اندراج نہیں کیا گیا۔ پاکستانی حکومتوں کے خیال میں یہ اعداد وشمار ملکی قومیت اور یکجہتی کے خلاف ہیں۔ لہٰذا نہ تو ان کا اندراج ہونا چاہیے اور نہ ہی افراد کو ان کا اظہار کرنا چاہیے۔ البتہ ان گروہوں کے پریشر گروپ جب چاہیں حکومت کو اپنے مفاد کے لئے استعمال کر لیں۔ حکومت ان کے خلاف برسرپیکار رہے۔ تمام قانونی مشینری انہیں محب وطن بنانے کے لئے استعمال ہوتی رہے۔ حکومت کی آنکھوں میں یہ دھول جھونکتے رہیں اور اپنی اکثریت کو بڑھا چڑھا کر بیان کرتے رہیں۔ دھونس دھاندلی سے اپنے مطالبات منواتے رہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا پاکستانی حکومتیں اسی طرح دباؤ کا شکار رہیں گی اور سدا ہمارے وطن کی جگ ہنسائی ہوتی رہے گی۔؟

ان مسائل کا حل:۔

ان مسائل کے حل کے لئے پاکستانی دانشور' حکومتی کارندے' محب وطن صحافی' علماء' سیاستدان' بیورو کریٹ' ٹیکنوکریٹ' نوکرشاہی سب ہی پریشان ہیں۔ مختلف حل پیش کئے جاتے ہیں۔ ان پر عمل ہوتا ہے اور پھر ردعمل کے بعد نئے منصوبہ بنائے اور ختم کئے جاتے ہیں۔ منافرت وقتی طور پر تو ختم ہو جاتی ہے۔ لیکن پھر سر اٹھالیتی ہے۔

میرے خیال میں ان سب مسائل کا حل پورے ملک میں انتہائی دیانت داری سے مردم شماری کے انعقاد اور تمام افراد کے مکمل کوائف کے اندراج میں ہی مضمر ہے۔ضرورت ہے کہ پورے ملک میں بیک وقت فوج کی نگرانی میں ہر فرد کے بارے میں ہراس تفصیل کا اندراج کیا جائے جس کی

ریاست کو کسی بھی وقت ضرورت پڑ سکتی ہے۔ یہ ریکارڈ وفاق کے پاس محفوظ ہونا چاہیے اس ہی کی روشنی میں منصوبہ بندی اور انتظامی حالات پر گرفت ممکن ہے۔ جعل سازی سے مفادات حاصل کرنے والوں کا محاسبہ بھی اسی صورت میں ممکن ہے - جن کوائف کا اندراج اہم ہے ان میں جنس، عمر، تعلیم، مذہب، مسلک، نسل، قوم، مادری زبان، دوسری زبان، انفرادی و خاندانی بیماریوں کی تفصیلات، رہائش، جائیداد، پیشہ اور آمدنی وغیرہ شامل ہیں۔ ان کوائف کو دیکھ کر عام آدمی بھی یہ کہے گا کہ حکومت پہلے ہی ان میں سے اکثر تفصیلات کا اندراج کرتی ہے۔ لیکن اس میں سقم کی چند وجوہات میں (i) مردم شماری کا ایک ہی دن منعقد نہ ہونا۔ (ii) لوگوں کا ایک سے زیادہ مقامات پر اندراج - (iii) مذہب کے ساتھ مسلک معلوم نہ ہونا۔ (iv) صوبوں اور اضلاع کی آبادی کو سیاسی بنیادوں پر گھٹا کر یا بڑھا کر پیش کرنا۔ (v) مردم شماری کرنے والوں کی جانبداری وغیرہ شامل ہے۔

حکومت کو پہنچنے والے فوائد

ان اعداد و شمار سے جو فوائد حاصل ہو سکتے ہیں ان میں

i. قومی وسائل / آمدن / خرچ اور سہولتوں کی فراہمی اور طلب کے بارے میں صحیح فیصلہ کی قابلیت۔

ii. صحیح اور مکمل کوائف کی بنیاد پر حکومت دھوکہ دہی سے بچ سکے -

iii. تھانے اور عدالتوں میں غیر ضروری طوالت جو کوائف نہ ہونے کے سبب درپیش آتے ہیں۔ اور پرسنل لاء کی آڑ میں غلط بیانی سے قانون کی آنکھوں میں دھول نہ جھونکی جا سکے۔

iv. حکومت کی گروپوں کو ان کی تعداد کے حساب سے سہولیات کی فراہمی اور اکثریت کی روشنی میں جمہوری حقوق کی ادائیگی۔

v. نئے قوانین کے نفاذ میں اکثریت کا خیال اور اقلیت کے حقوق کا ان کی آبادی کے تناسب سے لحاظ۔

vi. دیکھا جاتا ہے کہ مذہبی گروہ اپنے مذہبی جلسے اور جلوسوں کی آڑ میں نہ صرف اپنے مخالفین کی دل آزاری کرتے ہیں اور امن و امان کے خطرات کے پیش نظر پوری انتظامی مشینری کا دیگر امور چھوڑ کر ان کی طرف توجہ دینا ضروری ہو جاتا ہے لہٰذا صحیح کوائف کی روشنی میں مذہبی گرہوں کو اپنے اکثریتی علاقوں تک محدود کیا جا سکتا ہے۔

vii. مختلف حکومتوں سے مفادات حاصل کرنے والوں کے کوائف، جائیدادوں کے اندراج اور اپنی سرکاری حیثیت سے ناجائز مراعات حاصل کرنے والوں کا مکمل ریکارڈ پلاٹوں اور لفافوں کی

سیاست کے خاتمہ کا موجب بن سکتا ہے۔

صحیح اعداد و شمار کی روشنی میں اقلیتوں کے جمہوری حقوق کا تحفظ

جمہوری عمل میں مذہبی و لسانی گروہوں کی شرکت سے مضبوط وفاقی ڈھانچہ میسر آ سکتا ہے جس کی وجہ سے انتشار میں کمی بہت حد تک ممکن ہے۔ قومی دھارے میں تمام افراد کی نمائندگی ان کے لئے اطمینان کا باعث ہو سکتی ہے۔ حقیقتاً" لسانی اور مذہبی گروپوں کو تشدد اور طاقت سے نہیں دبایا جا سکتا بلکہ جمہوری اصولوں کی روشنی میں اظہار رائے کی آزادی کو ممکن بنائے جانے کے علاوہ ان کے بنیادی حقوق کے تحفظ کی یقین دہانی ملکی سلامتی میں ان کے کردار کو بہت اہم بنا سکتی ہے۔ اقلیتی گروہوں کی بے اطمینانی اور عدم تحفظ ہی انہیں تشدد پر اکساتا ہے۔ یہ کوئی نئی بات نہیں ہے۔

برصغیر کی تقسیم کے وقت کانگریس نے سیکولر ازم اور ایک قومی جمہوریت کا نعرہ لگایا تھا۔ جبکہ مسلم لیگ نے دو قومی جمہوریت کا نعرہ لگایا تھا۔ اب پاکستان میں بھی مذہبی نمائندگی کے موضوع پر اکثر لوگ رائے زنی کرتے رہتے ہیں اور مذہبی جمہوری اکثریت کو بھی کو برا بھی نہیں سمجھا جاتا۔ بصورت دیگر بنیاد پرست جماعتوں اور لسانی گروہوں کو ملک دشمن قرار دے کر نظرانداز کر دینا مزید پیچیدگی کا سبب بن سکتا ہے۔ مشرقی پاکستان میں ہم اس کا تجربہ کر چکے ہیں۔ روس' یوگوسلاویہ کی مثال ہمارے سامنے ہے۔ آرمینیا سے ترکوں کا انخلاء ان ہی دو بنیادوں پر عمل میں آیا تھا (لیکن جب ملکی مشینری افرادی قوت کی کمی کے سبب ٹھپ ہونے لگی تو اس پر پابندی لگا دی گئی۔) بنگلہ دیش میں تین چار لاکھ پاکستانیوں کو بنگلہ دیش میں قبول نہیں کیا جا رہا۔ اور پاکستان میں ان کے آنے سے بعض لسانی گروہ خدشات کا شکار ہیں۔

ڈیلی نیوز اسلام آباد (22 جنوری 1993ء) میں ایک مضمون شائع ہوا ہے جس کے مطابق "کسی بھی جمہوری طرز کی نمائندہ حکومت میں عوامی نمائندوں کو اسمبلی میں اپنے ملکی عوام کی نمائندگی کرنی چاہیے۔ مختلف مذاہب جن کی نمائندگی اسمبلی میں کی جا رہی ہو۔ ان مذاہب کی نمائندگی کا تناسب بھی ان کی آبادی کے مطابق ہونا چاہیے اگر کسی ملک کی آبادی میں 70 فیصد کیتھولک ہوں تو مثالی بات یہ ہے کہ 70 فیصد نمائندگان کیتھولک ہونے چاہئیں۔

کسی بھی ملک میں اگر کسی فرقے کی اکثریت نہ بھی ہو تو اقلیت کا مذہبی جنون بھی انتشار پھیلانے کے لئے کافی ہوتا ہے۔ لیکن اگر حکومت کے پاس اعداد و شمار موجود ہوں تو گفت و شنید میں آسانی رہتی ہے۔ اس کے علاوہ اقلیتی گروہوں یا فرقوں کو اگر ان کی تعداد کے مطابق نمائندگی دے دی جائے تو یہ ان کے لئے اطمینان کا سبب ہوتا ہے کہ وہ قومی سطح پر اپنی آواز بلند کر سکتے ہیں۔

مسلمان اگر فرقہ واریت کا شکار ہیں تو عیسائیوں میں بھی فرقوں کی کمی نہیں اسی طرح بڑے بڑے مذاہب میں ہندوؤں کی مثال آپ کے سامنے ہے جن کے سینکڑوں فرقے ہیں۔ شیڈول کاسٹ اور اچھوت کا لفظ بھی ہندو مت میں ہی رائج ہے۔ اسی طرح مسلمان جتنی شدت سے مسلمان ہیں اتنی ہی شدت سے حنفی، شافعی، حنبلی اور مالکی ہیں۔ اسی طرح شیعہ بھی شد ومد کے ساتھ اثناعشری' اسماعیلی' زیدی اور بوہری ہیں۔ مسلم فرقوں کے رسم و رواج میں کافی فرق ہے' تہوار بھی مختلف ہیں۔ مسلمانوں کے مشترکہ تہواروں سے کہیں زیادہ فرقہ ورانہ تہواروں کی تیاری اور توجہ پر زور دیا جاتا ہے۔ مختلف فرقوں اور لسانی گروہوں کی تعداد معلوم نہ ہونے کے سبب قانون کو دھوکہ دیا جا سکتا ہے۔ اپنی مرضی کے مسلک کو اختیار کیا جا سکتا ہے اور کیا جا رہا ہے جس کے سامنے قانون اور معاشرہ بے بس ہے۔

ضروری ہے کہ مردم شماری کے علاوہ ہر شخص کے کوائف ریاست کے پاس محفوظ ہوں۔ تقسیم برصغیر سے پہلے ہر طرح کے کوائف جمع کئے گئے تھے اور اس سلسلہ میں برصغیر کی تاریخ و ثقافت پر لکھی گئی کتابیں بہت اہمیت کی حامل ہیں۔ اس زمانے کے جمع شدہ اعداد وشمار پر کوئی سنجیدہ اعتراضات بھی دیکھنے میں نہیں آئے۔ اسی طرز پر آج بھی مردم شماری اور مختلف کوائف کا اندراج ملکی سلامتی کے لئے انتہائی ضروری قدم ہے۔ جو لوگ مسلک اور زبان کے اندراج کے خلاف ہیں وہ دراصل اپنے مسلک سے منافقت اور ملک میں افراتفری کی فضا برقرار رکھنا چاہتا ہیں جس سے ان کے مفادات کو تقویت پہنچتی ہے۔

پارلیمنٹ میں جنرل نشستوں کے ساتھ ساتھ مختلف گروہوں کی مخصوص نشستیں بھی ہونی چاہیں۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ موجودہ پاکستان کی قومی اسمبلی میں اقلیتوں کی نشستوں پر ہندو، سکھ' پارسی اور عیسائی موجود ہیں۔ فاٹا کے ارکان اسمبلی و سینٹ بھی امتیازی طریقہ سے منتخب ہو کر آئے ہیں۔ عورتوں کی نشستیں بھی بالواسطہ طریقہ انتخاب سے عمل میں آتی ہیں تو خوف کس بات کا ہے۔ اور اپنی صحیح تعداد درج کرانے سے کون خوف میں مبتلا ہیں۔؟ دراصل ان کا ملکی سلامتی کو داؤ پر لگانا صرف اپنے مفاد کی وجہ سے ہے۔

حصّہ اوّل

اقوامِ عالم

(مذہبی و لسانی تقسیم)

دنیا کی 12 بڑی زبانیں بولنے والے افراد تعداد (ملین)

زبان	آبائی بولنے والوں کی تعداد	کل تعداد	زبان	آبائی بولنے والوں کی تعداد	کل تعداد
مینڈرین	836	952	ہندی	333	418
ہسپانوی	332	381	انگریزی	322	470
بنگالی	189	196	عربی	186	219
روسی	170	288	پرتگیزی	170	182
جاپانی	125	126	جرمن	98	121
فرانسیسی	72	124	مالے انڈونیشی	50	155

مندرجہ بالا وہ زبانیں ہیں جنہیں 10 کروڑ سے زیادہ افراد بولتے ہیں۔

Source :- University of Washington Data of Mid 1993.

Page 598, World Almanac

زبانیں جو دنیا کے 10 لاکھ سے زائد افراد بولتے ہیں (تعداد ملین افراد)

زبان	تعداد افراد	علاقہ
اچائیز	3	شمالی سماٹرا، انڈونیشیا
افریقان	10	جنوبی افریقہ
اکان	7	گھانا
البانی	5	البانیہ، کوسوو، یوگوسلاویہ
امحیرک	20	ایتھوپیا
عربی	219	--
آرمنی	5	آرمینیا
آسامی	22	بھارت، بنگلہ دیش
اے مارا	2	بولیویا، پیرو
آذری	15	آذربائیجان
بالی	3	بالی، انڈونیشیا
بلوچی	5	پاکستان، ایران
بشکیر	1	بشکرستان، روس
بانک ٹوبا	4	انڈونیشیا
بولے	2	کوٹ ڈی آئیور
بے جا	1	کسالا، سوڈان، ایتھوپیا
بمبا (Bemba)	2	زمبیا
بیٹی (Beti)	2	کیمرون، گیبون، استوائی گنی
بھیلی	3	بھارت
بیکول (Bikol)	4	لوزون، فلپائن
براہوی	2	پاکستان
بوگس (Bugis)	4	انڈونیشیا، ملائیشیا
بلغار	9	بلغاریہ
برمی	31	میانمار
بوئی (Buyi)	2	چین
بائیلورشین	10	بیلا رس
کینٹن	66	چین، ہانگ کانگ
کیٹالان	9	سپین، جزیرہ بیلرک، شمالی فرانس، اندورا
سی بوانو (Cebuano)	13	بوہول Sea Bohol فلپائن
چاگا (Chagga)	1	کلمنجارو کا علاقہ، تنزانیہ
چیگا (Chiga)	1	یوگنڈا
چواش	2	چوواش، روس
چیک	12	چیک ری پبلک
ڈینش	5	ڈنمارک
ڈملی (Dimli)	1	ترکی
ڈوگری	1	جموں و کشمیر
ڈونگ	2	چین
ڈچ - فلیمش	21	نیدرلینڈ، بلجیم، فرانس
ڈائرما (Dyerma)	2	نائجر
اڈو (Edo)	1	بنڈل، نائیجیریا
ایفک (Efik Inc: Ibibio)	6	نائیجیریا
انگریزی	470	--
اسٹونیائی	1	اسٹونیا
ایوے (Ewe)	3	گھانا، ٹوگو
فنس	6	فن لینڈ، سویڈن
فون (Fon)	1	بنین، ٹوگو
فرانسیسی	124	--
فولی (Fula)	13	کیمرون، نائیجیریا
فولا کنڈا (Fula Kunda)	2	سینی گال، گیمبیا، گنی بساؤ
فوتا جالون (Futa Jalon)	3	گنی، سیرالیون
گالیکین (Galician)	4	شمال مغربی سپین
گانڈا (Ganda)	3	جنوبی یوگنڈا
جارجین	4	جارجیا
جرمن	121	--
گیلاکی	2	گیلان، ایران
گوگو	1	وادی رف، تنزانیہ
گونڈی	2	وسطی بھارت
گریک	12	یونان
گورانی (Gurani)	4	پیراگوئے

زبان	تعداد افراد	علاقہ
گجراتی	41	بھارت، پاکستان
گسلی (Gusli)	2	ضلع گسلی، نیانزا، کینیا
حدیہ (Hadiyya)	2	اروسی، ایتھوپیا
ہکا (Hakka or Kejia)	34	چین
ہانی (Hani)	1	چین
ہاسا (Hausa)	38	نائیجیریا، نائیجر، کیمرون
ہایا (Haya)	1	کاگیرو، تنزانیہ
ہیبریو (Habrew)	4	اسرائیل
ہندی	418	--
ہو (Ho)	1	بہار، اڑیسہ، بھارت
ہنگرین (Magyar)	14	ہنگری
ایبان (Iban)	1	انڈونیشیا، ملائیشیا
اگبو (Igbo or Ibo)	17	زیریں نائیجر، نائیجیریا
اجا (Ijaw)	2	دریائے نائیجر کا ڈیلٹا، نائیجیریا
للوکانو (Llokano)	7	لوزون، فلپائن
اطالین	63	اٹلی
جاپانی	126	جاپان
جاوائی	64	جاوا، انڈونیشیا
کابیلے (Kabyle)	3	کابیلیا، نائجیریا
کامبا	3	کینیا
کاناڈا (Kannada)	44	بھارت
کانوری (Kanuri)	4	نائجیریا، نائجر، چڈ، کیمرون
کارو-ڈیری (Karo-Dairi)	2	سماٹرا، انڈونیشیا
کشمیری	4	شمالی بھارت شمال مشرقی پاکستان
قذاق	8	قزا قستان
کنوزی - ڈونگولا (Kenuzi - Dongola)	1	جنوبی مصر، سوڈان
خمر (Khmer)	8	کمبوڈیا، ویتنام، تھائی
خمر (Khmer)	1	شمالی تھائی لینڈ
کیکویو (Kikuyo or Gehoya)	5	کینیا
کتوبا (Kituba)	4	زائر
کونگو (Kongo)	3	مغربی زائر، جنوبی کانگو

زبان	تعداد افراد	علاقہ
کونکری	4	مہاراشٹر اور جنوب مغربی بھارت
کورین	75	کوریا، چین، جاپانی
کردی	11	ایران، عراق، ترکی
کورکھ (Kurukh or Oraon)	2	مشرقی و وسطی بھارت
کرغیزی	2	کرغیزستان
لامپنگ (Lampung)	2	سماٹرا، انڈونیشیا
لاؤ	4	لاؤس
لتوین	2	لتویا
لنگالا (Lingala Inc. Bangala)	7	زائر
لتھوانیائی	3	لتھوانیا
لوبا - لولوا (Luba - Lulua or Chiluba)	7	زائر
لوبا - شابا	1	شابا، زائر
لوبو (Lubu)	1	مشرقی سماٹرا، انڈونیشیا
لوہیا (Luhya)	1	مغربی کینیا
لوو (Luo)	4	کینیا، نیانزا، تنزانیہ
لوری (Luri)	4	جنوب مغربی ایران، عراق
لوینا (Lwena)	2	مشرقی انگولا، مغربی زمبیا
مقدونی	2	مقدونیا
مادوری (Madurese)	10	مادورا، انڈونیشیا
ماجن ڈاناؤ (Magin Danaon)	1	جنوبی فلپائن
مکاسار (Makkasar)	2	جنوبی سلاویسی، انڈونیشیا
ماکوا (Makua)	4	جنوبی تنزانیہ، شمالی موزمبیق
مالاگاسی	12	مڈغاسکر
مالے - انڈونیشیا	155	--
مالے - پٹنی (Malay - Pattni)	1	جنوب مشرقی تھائی لینڈ
ملایالم	35	کیرالا (جنوبی بھارت)
مالنکے - بمبارا - ڈیولا (Malinke - Bambara - Dyula)	9	مغربی افریقہ
مینڈرین (Mandrin)	952	--

زبان	تعداد افراد	علاقہ
مراٹھی	70	مہاراشٹر، بھارت
مازندرانی	2	جنوبی مازندران، ایران
ام بنڈو (Mbundu)	4	بنگو لا، انگولا
ام بنڈو	3	لوانڈا، انگولا
میتھی (Meithi)	1	بھارت، بنگلہ دیش
منڈے (Mende)	2	سیرالیون
میرو (Meru)	1	مشرقی صوبہ، وسطی تنزانیہ
میاؤ (Miao or Hmong)	6	جنوبی چین، جنوبی مشرقی ایشیا
مین (Mein)	2	چین، ویتنام، لاؤس، تھائی لینڈ
من (Min)	50	جنوب مشرقی چین، تائیوان، ملائیشیا
مینانگ کاباؤ (Minang Kabau)	6	مغربی ساٹرا، انڈونیشیا
مالدیوین	--	(رومانیہ میں شامل ہے)
منگولین	6	منگولیا، شمال مشرقی چین
موردون (Mordovin)	1	مورڈوا، روس
مور (More)	4	برکینافاسو کا وسطی حصہ
نیپالی	16	شمال مشرقی بھارت، نیپال، بھوٹان
نگولو (Ngulu)	2	موزمبیق، ملاوی
نکولے (Nkole)	1	مغربی صوبہ، یوگنڈا
ناروجین	5	ناروے
نگ (Nung)	2	ہنوئی، ویتنام، چین
نوپ (Nupe)	1	کوارا، نائیجر سٹیٹس، نائیجیریا
نیاموزی - سکوما (Nyamwezi - Sukuma)	5	شمال مغربی تنزانیہ
نیانجا (Nyanja)	5	ملاوی، زمبیا، زمباوے
اڑیا (Oriya)	32	وسطی اور مشرقی بھارت
ارومو (Ormo)	10	مغربی ایتھوپیا، شمالی کینیا
پامینگان (Pamangan)	2	شمال مغربی نیلا، فلپائن
پانے - ہلیگینون (Panay - Hiligaynon)	7	فلپائن

زبان	تعداد افراد	علاقہ
پانگا نیسان (Panganisan)	2	لنگائن، فلپائن
پشتو	21	پاکستان، افغانستان، ایران
پیڈی (Pedi)	--	دیکھئے Sotho شمالی
پرشین (فارسی)	34	ایران، افغانستان
پولش	44	پولینڈ
پرتگیزی	182	--
پراونسل (Provencal)	4	شمالی فرانس
پنجابی	94	پاکستان، بھارت
کوئچوا (Quiechua)	8	پیرو، بولیویا، ایکوے ڈورو، ارجنٹائن
ری جانگ (Re-Jang)	1	جنوب مغربی ساٹرا، انڈونیشیا
رف (Riff)	1	شمالی مراکش، الجزائری ساحل
رومانین	26	رومانیہ، مالدیوا
رومانی	2	زیادہ تر وسطی مشرقی اور جنوب مشرقی یورپ، ترکی اور کچھ یو ایس اے میں
روانڈا (Ruanda)	7	روانڈا، یوگنڈا، زائر
رنڈی (Rundi)	6	برونڈی
روسی (Russian)	288	--
سامار - لیٹے (Samar - leyte)	3	وسطی مشرقی فلپائن
سانگو (Sango)	4	سینٹرل افریقن ری پبلک
سانتالی (Santali)	5	مشرقی بھارت، نیپال
ساسک (Sasak)	2	لومبوک، الاس سٹریٹ، انڈونیشیا
سرب - کروشین	20	کروشیا، سربیا اور دیگر سابق یوگوسلاویہ کے خودمختار علاقے
سگا (Sgaw)	2	جنوب مشرقی میانمار
شان (Shan)	3	مشرقی میانمار
شلہا (Shilha)	3	مغربی الجزائر، جنوبی مراکش
شونا (Shona)	8	زمباوے
سڈامو (Sidamo)	2	سڈامو، جنوبی ایتھوپیا
سندھی	18	پاکستان، مغربی بھارت

زبان	تعداد افراد	علاقہ
سنہالی	13	سری لنکا
سلواک	5	سلواکیا
سلوین	2	سلوینیا
سوگا (Soga)	1	بسوگا، یوگنڈا
صومالی	5	صومالیہ، ایتھوپیا، کینیا، جبوتی
سونگئے (Songye)	1	Kasai شمالی مغربی شالا، زائر
سوننکے (Soninke)	1	مالی، علاقے مغرب، جنوب، مشرق
سوتھو شمالی (Sotho)	3	جنوبی .فریقہ
سوتھو جنوبی	4	جنوبی افریقہ، لیسیتھو
سپینش	381	--
سنڈانیز (Sundanese)	26	سنڈا سٹریٹ، انڈونیشیا
سواحلی	48	کینیا، تنزانیہ، زائر، یوگنڈا
سواتی (Swati)	1	سوازی لینڈ، جنوبی افریقہ
سویڈش	9	سویڈن، فن لینڈ
سلہٹی	5	بنگلہ دیش
تاگالوگ (Tagalog)	53	فلپائن
تاجکی	5	تاجکستان، ازبکستان، کرغیزستان
تمازگھت (Tamazight)	3	شمالی مراکش، مغربی الجزائر
تامل	69	تامل ناڈو، بھارت، سری لنکا
تاتار	8	تاتارستان، روس
تاسوگ (Tasug)	1	فلپائن، ملائیشیا
تلگو (Telgu)	73	آندھرا پردیش، جنوب مشرقی بھارت
تمنے (Temne)	2	وسطی سیرالیون
تھائی	50	تھائی لینڈ (لاؤ اور تھائی زبان میں صرف لہجہ کا فرق ہے)
تھو (Tho)	2	شمالی ویتنام، شمالی چین
تھونگا (Thonga)	3	موزمبیق، جنوبی افریقہ
تبتین (Tibetan)	5	جنوب مغربی چین، شمالی بھارت، نیپال

زبان	تعداد افراد	علاقہ
تگرینیا (Tigrinya)	4	شمالی اریٹریا، ٹیگر ایتھوپیا
ٹیو (Tiv)	2	نائیجیریا، کیمرون
ٹانگ (Tong)	--	دیکھئے Dong
ٹونگا (Tonga)	2	جنوب مغربی زمبیا، شمالی مغربی زمباوے
تسوانا (Tswana)	4	بوٹسوانا، جنوبی افریقہ
تدزا (Tudza)	1	شمالی ویتنام، جنوبی چین
تولو (Tulu)	2	جنوبی بھارت
ٹمبوکا (Tumbuka)	2	شمالی ملاوی، شمال مشرقی زمبیا
ترکش	59	ترکی
ترکمان	3	ترکمانستان، افغانستان
توئی - فانٹے (Twi - Fante)	--	دیکھئے Akan
ئی گھور (Uighur)	8	زن جیانگ، شمالی مغربی چین
یوکرائنی	47	یوکرائن، روس، پولینڈ
اردو	100	پاکستان، بھارت
ازبک	14	ازبکستان
ویتنامی	64	ویتنام
وولیٹا (Wolaytta)	2	جنوب مشرقی ایتھوپیا
وولوف (Wolof)	7	سینیگال
وو (Wu)	65	شنگھائی ریجن، چین
زھوسا (Xhosa)	8	جنوب مغربی صوبہ کیپ، جنوبی افریقہ
یاؤ (Yao)	--	دیکھئے Mien
یاؤ	1	ملاوی، تنزانیہ، موزمبیق
ئی (Yi)	7	جنوب اور جنوب مغربی چین
یدش (Yiddish)	--	اس زبان کو عموماً" جرمن سے مختلف سمجھا جاتا ہے اور لکھنے میں ہربیو خصوصیات پر مشتمل ہے۔
یوروبا (Yoruba)	20	جنوب مغربی نائیجیریا، زو، بنی
زانڈے (Zande)	1	زائر، سوڈان
زوانگ (Zhuang)	15	جنوبی چین
زولو (Zulu)	9	شمالی نٹاک، جنوبی افریقہ، لیسیتھو

Page 598, 599. World Almanac
(Principal Languages of the world)

مذاہب عالم پر ایک نظر

مذاہب عالم کی مختلف براعظموں میں تعداد

(آبادی ہزاروں میں) (جون 1993ء)

مذہب	افریقہ	ایشیا	یورپ	لاطینی امریکہ	شمالی امریکہ	آسٹریلیا	سابقہ روس	دنیا
عیسائی	3,41,208	3,00,383	4,09,653	4,43,056	2,41,147	22,686	1,11,618	18,69,751
مسلمان	2,84,844	6,68,298	13,633	1,400	3,332	104	42,761	10,14,372
ہندو	15,69	7,46,512	707	916	1,285	369	2	7,51,360
بدھ	22	3,32,143	273	561	565	26	412	3,34,002
سکھ	28	19,318	232	8	257	9	1	19,853
یہودی	359	6,264	1,475	1,132	6,850	100	1,973	18,153
کنفیوشش	1	6,204	2	2	26	1	2	6,230
بہائی	1,591	2,774	91	830	370	79	7	5,742
جین	56	3,847	15	4	4	1	0	3,927
شنتو	0	3,332	1	1	1	1	0	3,336
لامذہب	2,578	7,21,113	57,542	18,444	24,718	3,572	84,907	9,12,874
چینی روایتی	14	1,40,661	60	76	123	21	1	1,40,956
ایتھی اسٹ	336	1,67,217	16,669	3,343	1,336	549	52,402	2,41,852
قبائلی مذاہب	70,000	28,654	1	971	41	69	0	99,736
شامنسٹ	1	10,591	2	1	1	1	257	10,854
نئے مذاہب	22	1,21,693	50	550	1,439	10	1	1,23,765
دیگر مذاہب	461	12,714	1,475	3,701	491	4	337	19,183
کل آبادی	7,03,090	32,91,718	5,01,881	4,74,996	2,81,986	27,602	2,94,681	55,75,954
دنیا کی کل آبادی								5,57,59,54,000

مذہبی اصطلاحات اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے۔

Source :- World Almanac & Book of facts 1995 (Page 731)

1994 Encyclopaedia Britanica Book of the year.

(مذہبی اصطلاحات)

لامذہب (Non-Religious) :- ایسا شخص جس کا کوئی مذہب نہ ہو۔

بے اعتقاد (Non-belivers) :- لا ادریت وہ جس کا عقیدہ یہ ہو کہ خدا یا دوسری غیرمادی اشیاء کی ہستی کے متعلق ہمیں کچھ علم نہیں اور نہ غالباً" ہو سکتا ہے (Agnostic)' مذہبی پابندیوں سے آزاد (Free Thinker) اس کے علاوہ

Dereligionized Secularists indifferent to all religion.

ا-لتھی ایسٹ (Atheist) :- خدا اور وحی کا منکر

Person professing atheism, skepticism, disbelief or

Irreligion including antireligious (opposed to all religions.)

انفی ڈل (Infidel) :- کافر نہ ماننے والا

ڈی اسٹ (Deist) :- خدا کے وجود کا اقرار مگر وحی اور مذہب کو تسلیم نہ کرنے والا۔

سیکری لیجس (Sacriligious) :- مقدس چیزوں کی بے حرمتی یا توہین کرنے والا۔

ہیدن (Heathen) :- غیر اہل کتاب

ٹمپورل (Temporal) :- اس دنیا اور زمانے سے متعلق' غیر روحانی' دنیاوی

لے (Lay) :- دنیاوی' غیر روحانی

منڈین (Mundane) :- دنیاوی' غیر روحانی

شامنسٹ (Shamnists) :- ارواح پرست یا یہ عقیدہ کہ بدروحیں انسان کے نفع اور نقصان پر قادر ہیں۔ (سائبریا کا ایک مذہب)

نئے مذاہب (New-Religionists) :- جو 1800ء کے بعد وجود میں آئے اور زیادہ تر 1945ء کے بعد۔

چینی روایتی (Chinese Folk-religionists) :-

بدھ :- 56% ماہایانا' 38% تھیراواڈا (ہنایانا)' 6% تانترازم (لامہ ازم)

ہندو :- 70% وشنوائی' 25% شیوائی' 2% دیگر ہندو۔

دیگر مذاہب (Other Religionist) :- 70 چھوٹے مذاہب' دیگر روحانی مذاہب' نوزائیدہ مذاہب' تصوف کے پیروکار وغیرہ۔

بڑے عیسائی فرقے :۔

بپٹسٹ (Baptists) ' چرچ آف کرائسٹ (Disciples) ' اپسکو پالیانز (Episcopalians) '
جیہواز وٹنس (Jehovah's Witness) ' لوتھرن (Lutherans) ' میتھوڈسٹ (Methodists) '
مورمونز (Mormons) ' آرتھوڈوکس (Orthodox) ' پینٹی کوسٹل (Pentecostal) '
پری بیسٹرین (Pres-byterians) ' رومن کیتھولک (Roman Catholic) '
یونائیٹڈ چرچ آف کرائسٹ (United Chruch of Christ)

دنیا میں مسلم آبادی (1992ء)

براعظم	کل آبادی	مسلم آبادی	مسلم فیصد
ایشیا	3,31,08,28,000	92,41,62,000	27.91
افریقہ	68,17,22,000	40,13,70,000	58.88
یورپ	72,83,68,000	4,44,51,000	6.1
امریکہ	73,97,09,000	79,23,000	1.07
آسٹریلیا	2,72,16,000	4,51,000	1.66
کل آبادی	5,48,78,43,000	1,37,83,57,000	25.12

Source :- World Muslim Minorities, Motmar-e-Alam-e-Islami.

مسلمان ممالک میں آباد مسلم آبادی (1992ء)

براعظم	کل آبادی	مسلمان آبادی	مسلمان فیصد
ایشیا	73,28,74,000	66,10,97,000	90.21
افریقہ	47,03,86,000	37,10,22,000	78.88
یورپ	33,15,000	26,52,000	80.0
امریکہ	--	--	--
آسٹریلیا	--	--	--
کل آبادی	1,20,65,75,000	1,03,47,71,000	85.76

Source :- World Muslim Minorities. Motmar-e-Alam-e-Islami.

غیر مسلم ممالک میں مسلمان اقلیتی آبادی (1992ء)

براعظم	کل آبادی	مسلمان آبادی	مسلمان فیصد
ایشیا	2,57,79,54,000	26,30,65,000	10.2
افریقہ	21,13,36,000	3,03,48,000	14.36
یورپ	72,50,53,000	4,17,99,000	5.76
امریکہ	73,97,09,000	79,23,000	1.07
آسٹریلیا	2,72,16,000	4,51,000	1.66
کل آبادی	4,28,12,68,000	34,35,86,000	8.03

Source :- World Muslim Minorities, Motmar-e-Alam-e-Islami.

ایشیا کے مسلمان ملکوں میں مسلم آبادی (1992ء)

ملک	کل آبادی	مسلم آبادی	مسلم فیصد
افغانستان	1,90,62,000	1,88,71,000	99
آذربائیجان	72,83,000	59,72,000	82
بحرین	5,33,000	5,28,000	99
بنگلہ دیش	11,92,88,000	10,25,88,000	86
برونائی	2,70,000	2,04,000	75
انڈونیشیا	19,11,70,000	17,20,53,000	90
ایران	6,15,65,000	6,03,33,000	98
عراق	1,92,90,000	1,83,26,000	95
اردن	42,91,000	40,76,000	95
قازقستان	1,70,48,000	88,65,000	52
کویت	19,70,000	19,70,000	100
کرغزستان	45,18,000	35,24,000	78
لبنان	28,38,000	19,87,000	70
ملائشیا	1,87,92,000	1,01,48,000	54
مالدیپ	2,27,000	2,27,000	100
اومان	16,37,000	16,37,000	100
پاکستان	12,47,73,000	12,10,30,000	97
فلسطین	52,00,000	22,88,000	44
قطر	4,53,000	4,53,000	100
سعودی عرب	1,59,22,000	1,59,22,000	100
شام	1,32,76,000	1,15,50,000	87
تاجکستان	55,87,000	49,17,000	88
ترکی	5,83,62,000	5,77,78,000	99
ترکمانستان	38,61,000	33,20,000	86
متحدہ عرب امارات	16,70,000	16,70,000	100
ازبکستان	2,14,53,000	1,84,50,000	86
یمن	1,25,35,000	1,24,10,000	99 شمالی یمن 57,85,000 (1979ء)
			جنوبی یمن 20,40,000 (1979ء)
میزان	73,28,74,000	66,10,97,000	90.21

Total Population U.N. estimates for 1992. Muslim population World Muslim Gazetter. World Muslim Minorities.

ایشیا کے دیگر ممالک (1992ء)

ملک اور کل آبادی	مسلم	مسلم فیصد	مسلم قومیت	مذہبی تقسیم	زبان
بھوٹان (Bhutan)					
16,12,000	81,000	5%	مغربی بنگال اور آسام کے مسلمانوں کا اثر ہے۔	بدھ 75% ہندو 20% مسلمان سنی حنفی ہیں۔	ڈوزنکھا (سرکاری) انگریزی آبادی میں نگالوپ اور شارکوپ 70% نیپالی 25% لیچا مقامی، ہندوستانی،
کمبوڈیا (Campodia)					
87,74,000	5,26,000	6%	چینی اکثریت جاوا چم صوبے میں 66.793 مسلمان ہیں	بدھ ازم 94% سنی شافعی ہیں	خمر (سرکاری) آبادی میں خمر 90% ویتنامی 4% چینی 5%
چین (China)					
1,18,79,97,000	10,69,20,000	9%	(تفصیل علیحدہ ملاحظہ کیجئے)		
ہانگ کانگ (Hong Kong)					
58,00,000	35,000	0.6%	i) چینی ii) انڈونیشی iii) برصغیر مقامی شہری 55% قومیت 15% غیر ملکی 30%	بدھ ازم تاؤ ازم اسلام ہندو اکثریت سنی کچھ داؤدی بوہرے	انگریزی چینی

ملک اور کل آبادی	مسلم	مسلم فیصد	مسلم قومیت	مذہبی تقسیم	زبان (تفصیل علیحدہ ملاحظہ کیجئے)
بھارت (India) 87,95,48,000	13,19,32,000	%15			
جاپان (Japan) 12,44,91,000	50,000	%0.04	i) مقامی 40% ii) قومیت 1 % iii) غیر ملکی 59%	بدھ ازم۔ شنتو، یہاں اسلام تاتار نے پھیلایا اور سنی ہیں۔	جاپانی آبادی میں 99.4% جاپانی 0.5% کورین
شمالی کوریا (ڈیموکریٹک) North Korea (Democratic) 2,26,18,000	سینکڑوں میں ہیں	--	چینی نسل	سیکولر، آبائی مذہب، بدھ کنفیوشس اور چونڈو کویو۔	کورین
جنوبی کوریا South Korea (Republic) 4,41,63,000	35,000	%0.08	مقامی شہری ترک فوجیوں کے ذریعے اسلام پھیلا	بدھ عیسائیت کنفیوشس، سنی حنفی	i) کورین
لاؤس (Laos) 44,69,000	1,000	--	چم (ملائیشیا سے آکر آباد ہوئے)	حکومتی پابندیوں نے مذہب کو دبا لیا ہے۔ لامہ بدھ تھے۔	لاؤ (سرکاری) فرنچ، انگریزی

ملک اور کل آبادی	مسلم	مسلم فیصد	مسلم قومیت	مذہبی تقسیم	زبان
منگولیا (Mangolia)					
23,10,000	3,47,000	%15	i) قذاق 1,30,000	مسلم سنی	منگولین (سرکاری)
			مغربی صوبے بایان	حنفی ہیں	روسی، چینی
			اوگلی میں رہتے ہیں		نسل
			ii) گھور		منگول 90%
			iii) منگول		
مکاؤ (Macao)					
4,92,000	100	--	چینی		سابقہ پرتگیز نوآبادی
			ہانگ کانگ سے نقل		
			مکانی کرنے والے		
میانمار (Myanmar)					
4,36,68,000	52,40,000	%12	روہنگان	بدھ	برمی آبادی میں
			(عربی، مور،		برمی تبتی 68%
			مغل اور		کارین 4 %
			بنگالی النسل)		شان 7 %
					راکھن 3 %
نیپال (Nepal)					
2,05,77,000	10,29,000	%5	عرب، افغانی	ہندو 85%	نیپالی (سرکاری)
	ضلع بانکی 19.3 %		مغل ترک جنگی	بدھ 7 %	ہندی، اردو
	ضلع کپل بستو 16.9 %		تعداد زیادہ ہے		آبادی میں
	" پارسا 13.3%		(کھٹمنڈو کے مسلمانوں		قبائل جو تبت،
	" باوا 11.6%		کو کشمیری		ہندوستان اور
	" ون تاھٹ 14.2 %		کہا جاتا ہے)		وسط ایشیا سے
	" موہوتاری 11 %		بڑے صنعتی شہروں		آکر آباد ہوئے۔
	(15,000 مسلمان		میں مسلمان 15 تا		

ملک اور کل آبادی	مسلم	مسلم فیصد	مسلم قومیت	مذہبی تقسیم	زبان
	کھٹمنڈو کے مغربی پہاڑی علاقے میں رہتے ہیں)		30%، برات نگر، جنک پور، برگونج، بھیرہادا، بٹوال، نیپال گنج، دھان گڑھی میں مسلمان ہیں۔		
فلپائن (Phillipines)					
6,51,86,000	79,53,000	%12.2	تیرہ صوبوں میں اکثریت ہے لسانی لحاظ سے کئی گروہ ہیں مثلاً توسگ اور ماگن ڈاناؤس وغیرہ مراناؤ سب مسلمانوں کی مشترکہ زبان ہے	عیسائی بدھ (مورو قبائل سنی شافعی ہیں)	فلپائنی (قومی)
سری لنکا (Sri Lanka)					
1,76,66,000	15,02,000	%8.5	دس لاکھ مورو اپنا رشتہ مراکش سے جوڑتے ہیں 43 ہزار ملائی جن کو ولندیزی جاوا سے لائے تھے	بدھ 69% ہندو 15% عیسائی سنی شافعی	سنہالی، تامل (سرکاری) انگریزی، مالے آبادی میں سنہالی 74% تامل 17% مور 7%

1981ء میں مسلمان آبادی

صوبہ	ڈسٹرکٹ	آبادی	فیصد
سینٹرل	کانڈی	1,25,646	11.2
شمالی	مانار	30,079	28.1
مشرقی	باٹی کلاؤ	80,000	24.1
	امپارائی	1,61,754	41.1
	ٹرنکومالی	75,761	29.5
شمال مغربی	پٹالام	50,246	10.2

(مشرقی صوبے میں مسلمان 33 فیصد کے قریب ہیں)

ملک اور کل آبادی	مسلم	مسلم فیصد	مسلم قومیت	مذہبی تقسیم	زبان
سنگاپور (Singapur)					
27,69,000 (پارلیمنٹ کے 60 ممبروں میں 9 مسلم اور ایک وزیر ان میں سے مسلم ہوتا ہے)	4,74,000	%17.11	ملائی %90 برصغیر %8.5 چینی %1.5 غالب اکثریت سنی ہے۔	بدھ %29 تاؤ %13 عیسائی %19	چینی، ملائی تامل، انگریزی (سب سرکاری) آبادی میں چینی %76 ملائی %15 یورپین 2 % برصغیر 7 %
تائیوان (Taiwan)					
2,02,00,000	67,000	%0.33	چینی نسل	بدھ، تاؤ کنفیوشس سنی حنفی ہیں۔	منڈرین اور چینی (سرکاری) آبادی میں تائیوانی %85 چینی %14
تھائی لینڈ (Thai Land)					
5,61,29,000 (بنکاک میں مسلمان 8 % فیصد ہیں)	68,08,000	%12.13	ملائی %60 بنکاک میں چم، انڈونیشی، ہندوستانی، افغان وپاکستانی	بدھ	تھائی آبادی میں تھائی %75 چینی %14 دیگر %11
ویتنام (Vietnam)					
6,94,85,000	64,000	--	چم	بدھ، کنفیوشس رومن کیتھولک پروٹسٹنٹ	ویتنامی (سرکاری) فرنچ انگریزی

ملک اور کل آبادی	مسلم	مسلم فیصد	مسلم قومیت	مذہبی تقسیم	زبان
				کمبوڈیا کے مسلمانوں کی طرح سنی ہیں	

بھوٹان، شمالی کوریا، لاؤس، منگولیا، مکاؤ، ویتنام میں کل مسلم آبادی

4,94,000 %0.49

کل آبادی 2,57,79,54,000 مسلم آبادی 26,30,65,000 %10.2

نیپال :- آبادی 1,40,00,000 مسلمان 8 %، سرکاری اعداد وشمار کے مطابق دس لاکھ مسلمان ہیں۔ کھٹمنڈو میں تیس ہزار، پوکھرا اور اس کے گرد ونواح میں 2 ہزار مسلمان آباد ہیں۔ باقی مختلف علاقوں میں آباد ہیں۔ اکثر بھارتی حدود کے قریب رہائش رکھتے ہیں۔

برما :- کے صوبہ اراکان میں سب سے زیادہ مسلمان آباد ہیں۔ 1969ء میں صوبے کی آبادی 18,47,000 تھی، روہنگان مسلمان اور موگھ بدھ ہیں۔ اراکان کے شمالی حصہ میں بنگال کی سرحد کے قریب مسلمانوں کا تناسب 90% ہے۔ جبکہ اراکان صوبہ میں 70%۔ یہاں عرب مور، مغل اور بنگالی نسل کے مسلمان ہیں۔ 1947ء کی مردم شماری میں روہنگان کو شامل نہیں کیا گیا تھا۔ رنگون اور بڑے شہروں میں رہنے والے مسلمان اردو اور تامل بولتے ہیں۔ باقی برمی زبان بولتے ہیں۔

Source :- (i) No tears for Burmese Muslims Farooq Hasnat. Daily News 5/2/92

(ii) Genocide of Arakan Muslim, Mohammad Awang. Daily News 11/10/91

(iii) World Muslim Minorities, Motmar-e-Alam-e-Islam.

(iv) Muslim Monorities in world today M.A.Ketani

(v) World Almanac & Fact Book 1991.

(vi) مسلمان اقلیتیں - شفیق الرحمٰن فرخ 30 مارچ 1989ء (فلپائن) جس کے مطابق فلپائن میں مسلمان 16%، رومن کیتھولک 78%، پروٹسٹنٹ 3 % ہیں۔

(vii نیپال کی مسلم اقلیت ولی خان چغرزئی، ماہنامہ الحق، فروری مارچ 1992ء

یورپ کے مسلم ممالک کی آبادی - مختصر جائزہ

البانیہ : آبادی : (1983) 28,46,000 (1995) 33,74,000
مذہب : مسلمان 80% یونانی آرتھوڈوکس، رومی کیتھولک۔
زبان : البانوی (سرکاری)، گھیگ شمالی دریائے شکمبی کے علاقے میں۔ یونانی
نسل : البانوی 90% ، یونانی 8 %

یوگوسلاویہ (مسلم آبادی کا جائزہ)

یوگوسلاویہ میں ٹوٹ پھوٹ اور خانہ جنگی جاری ہے۔ کئی علاقے خودمختاری کا اعلان کر چکے ہیں۔ اس ملک کی تقسیم کی آخری صورتحال کا اندازہ کچھ عرصے بعد ہی ہو سکے گا۔ جن علاقوں کی آزادی تسلیم کر لی گئی ہے۔ ان میں سلوانیہ آبادی 19 لاکھ، کروشیا آبادی 47 لاکھ، بوسنیا آبادی 44 لاکھ نئی جمہوریہ یوگوسلاویہ میں سربیا اور مونٹی نیگرو شامل ہیں۔
بوسنیا ہرگوینیا :- یہاں تین قومیتیں آباد ہیں۔ مسلمان 44% ، عیسائی 31% ، اور رومن کیتھولک کروٹ 17% ہیں۔ (سینڈزک کے علاقے میں 99% مسلمانوں نے خودمختاری کے حق میں ووٹ دیا تھا۔)
ترکوں کے دور اقتدار میں عیسائیوں کے ایک فرقے بوگومیلی کے دس لاکھ افراد نے اسلام قبول کیا تھا اور یہ صوبہ بوسنیا میں آباد تھے۔
بعض حوالوں میں یوگوسلاویہ میں آباد البانوی آبادی صرف 8% دکھائی گئی ہے۔ جو کہ کم ہے۔ کسوو میں 20 لاکھ البانوی آباد ہیں اور وہ مقدونیہ کی آبادی کا 20% ہیں۔ اسی طرح بوسنیائی آبادی بھی 9% بھی کم دکھائی جاتی ہے۔
ورلڈ مسلم مانیارٹیز کے مطابق بوسنیا میں مسلمان کل آبادی کا 50% ، کسوو کی آبادی میں 85.6% ، مقدونیہ میں 31.4% ، مونٹی نیگرو میں 25.7% ہیں۔

روس (سابقہ سویٹ یونین) ایک جائزہ

یونٹ	رقبہ (مربع میل)	آبادی (1989ء)	آبادی کی تقسیم
رشین فیڈریشن	65,92,800	14,77,20,000	روسی نسل 82.6% (38 گروپ) تاتار اور یوکرائنی یہاں کی سب سے بڑی اقلیت ہیں۔
یوکرائن	2,33,100	5,17,04,000	یوکرائنی 73.6%، روسی 21.1%
ازبکستان	1,72,741	1,99,00,000	ازبک 69.8%، روسی 10.8% (مسلمان 82.6%) وادی فرغانہ میں علمائے سلف کا مرکز ہے۔
قازقستان	10,49,200	1,65,38,000	قازق 36%، روسی 40%، یوکرائنی 6.1% (مسلمان 70%) ترکستان کی آخری بت پرست قوم تھی۔ سنی حنفی ہیں
آذربائیجان	33,430	70,00,000	آذری 78% (شیعہ) سرحد ایران اور ترکی سے ملتی ہے۔
جارجیا	26,900	54,49,000	جارجیائی 68.8%، آرمنی 9%، روسی 7.4% (کاکیشیا کے پہاڑی علاقے میں بحر اسود کے کنارے واقع ہے۔)
مسلمان آبادی			
i. ابخاز		5,00,000 1987ء	ابخازین 17%، جارجین 43%، روسی 16% (کاکیشیا کے شمال مغرب میں واقع ہے۔)
ii. اظہر		3,90,000	آذربائیجان کے ساتھ قدیم تعلق ہے حنفی سنی ہیں۔
iii. آسیشین		5,00,000	یہاں مسلمان 3 لاکھ ہیں شمالی آسیشیا کی آبادی 3,10,000 ہے اور مغربی آسیشیا کی 99,000 ہے جس میں سے 67% مسلمان ہیں
تاجکستان	55,300	51,12,000	تاجک 59%، ازبک 22.9%، روسی و یوکرائنی 10.4% مسلمان 90%، جن میں سے 70% تاجک اور 20% ازبک سنی ہیں۔
مالدویا	13,012	43,41,000	63.9% مالدوین، یوکرائنی 14.2%، روسی 12.8% (بیشتر علاقہ سٹالن نے رومانیہ سے چھینا تھا آبادی میں دوتہائی رومانی ہیں)
کرغزستان	76,642	42,91,000	ترک 48%، روسی 26% (مسلمان 92%) سرحد چین سے ملتی ہے۔
لتھوانیا	25,213	36,90,000	لتھوانائی 80%، روسی 8.6%، پول 7.7% (بالٹک ریاستوں میں سب سے بڑی ہے)
ترکمانستان	1,88,417	35,34,000	ترکمن 68.4%، روسی 12.6%، ازبک 8.6% (مسلمان 95%) قراقرم صحراء کا 80% ہے۔ اکثریت شیعہ، آذری 2%، بہائی بھی آباد ہیں۔ طویل سرحد ایران سے ملتی ہے۔
آرمینیا	11,500	32,83,000	آرمنی 89.7%، آذری 5.3% (زلزلہ میں 25,000 افراد ہلاک ہو گئے تھے)

یونٹ	رقبہ (مربع میل)	آبادی (1989ء)	آبادی کی تقسیم
لٹویا	24,900	26,81,000	لٹویائی 53.7% ' روسی 22.8%
اسٹونیا	17,413	15,73,000	ایسٹونیائی 69.7% ' روسی 27.9%
بائیلورشیا	80,134	1,02,00,000	بائیلورشین 79.4% ' رشین 11.9% ' پول 4.2%

رشین فیڈریشن

اس میں کل یونٹ 89 ہیں۔ جن میں سے 61 رشین' اور 28 غیر رشین ہیں۔ ان 28 میں سے مسلم یونٹ مندرجہ ذیل ہیں۔

i) داغستان : آبادی 19,00,000 (1989) رقبہ 19,305 مربع میل۔

ii) تاتارستان : آبادی 70,00,000 رقبہ 26,255 مربع میل۔

(وولگا کے جنگلات کے درمیانی علاقے میں ہے۔ آبادی میں 48% تاتار' باقی روسی وغیرہ)

iii) بشکرستان : آبادی 39,28,153 (1989) رقبہ 55,443 مربع میل۔

جنوبی اورال کے پہاڑی علاقے میں واقع ہے اور مسلمان سب سنی ہیں۔

بشکرستان کی آبادی کا ایک جائزہ (1989ء)

قومیت	فیصد	کل آبادی	مذہب
روسی	% 39.4	15,48,291	--
تاتار	% 28.5	11,20,702	مسلمان
بشکر	% 21.9	8,63,808	مسلمان
چوواش	% 3.0	1,18,509	عیسائی
جرمن	% 0.3	11,023	--
قزاق	% 0.1	3,564	مسلمان
آرمنی	% 0.1	2,258	عیسائی
مارس	% 2.6	1,05,768	پگان
یوکرائنی	% 1.9	74,990	عیسائی
ماردونین	% 0.8	31,923	عیسائی
اڈمرٹس	% 0.6	23,696	فینواگرگ
بیلورشین	% 0.4	17,038	عیسائی
یہودی	% 0.1	4,911	یہودی
لٹوین	% 0.04	1,956	عیسائی
دوسرے	% 0.4	14,676	
میزان	% 100	تقریباً" 39,28,153	

iv) چوواش : آبادی 13,00,000 (1987) رقبہ 7,065 مربع میل۔
یہاں 70% چوواش اور 26% روسی۔
(علاقے کا 33% حصہ گھنے جنگلات پر مشتمل ہے۔ اور وولگا کے کنارے پر آباد ہے۔)

v) چیچنیا : آبادی 12,00,000 رقبہ 7,451 مربع میل۔
یہاں چیچن اور انگش دولسانی گروپ ہیں۔ چیچن 52% ، انگش 11% ، روسی 29% -
یہ علاقہ شمالی کاکیشیا کے علاقے میں ہے۔ اکثریت سنی حنفی ہیں۔ شمال مشرقی کاکیشیا
میں امامی پیروکار بھی ہیں۔

vi) کباردینو بلکار: آبادی 37,200 (1987) رقبہ 4,826 مربع میل۔
یہاں 45% کابردی ، 10% بلخار اور 39% روسی ہیں۔ یہ علاقے کاکیشیا کے ہمسایہ
میں ہیں۔

vii) کراچاچیو - چرکیشیا: آبادی 4,20,000 (1991ء) رقبہ 5,444 مربع میل۔
(شمالی کاکیشیا میں ڈھلانوں پر گھنے جنگلات کے درمیان واقع ہے)

viii) ار-بجئی : آبادی 1,30,300 رقبہ 2,934 مربع میل۔
بحیرہ اسود کے مشرق اور کاکیشیا کے پہاڑوں میں واقع ہے۔

1926ء میں وولگا - یورال کے علاقے میں مسلمان آبادی

(جسے مسلمانوں کے روحانی ڈیپارٹمنٹ نے محفوظ کیا)

قومیت	فیصد	کل آبادی
ترک تاتار	%51	78,48,000
روسی	%28	42,90,000
فنو - اگرگ (منگول)	%17.7	27,12,000
جرمن	%3.3	5,01,000
کل آبادی	%100	1,53,51,000

سابقہ سویت یونین میں مسلم آبادی

آبادی	1926ء	1939ء	% اضافہ
سویت روسی کل	14,70,00,000	20,90,00,000	%42
روسی	7,80,00,000	11,40,00,000	%47
مسلمان	1,70,00,000	2,40,00,000	%41

Source :- The Islamic threat to the soviet state

سویت یونین کی شیعہ آبادی (1979ء)

i) شیعہ اثنا عشری: 40,00,000 (آذری 70% ، اور سینٹرل ایشیا میں چند چھوٹے گروپ)

ii) اسماعیلی :- 60 ہزار اور ایک لاکھ کے درمیان۔

سویت یونین کی مسلم قومیتوں کا بیرونی ممالک کی آبادی سے تعلق (1979ء)

قومیت	روس میں آبادی	بیرون ممالک آبادی	بیرونی ممالک جہاں یہی قومیت آباد ہے
آذری	55,00,000	50,00,000	ایران
ترکمان	20,00,000	10,00,000	افغانستان، ایران، ترکی، عراق
تاجک	30,00,000	30,00,000 تا 40,00,000	افغانستان
ازبک	1,25,00,000	15,00,000	افغانستان
قازق	65,00,000	8,00,000	چین اور کچھ افغانستان میں
کرغیز	20,00,000	1,00,000	چین
		10,000	پاکستان
یوغیر	2,10,000	60,00,000	چین
ڈنگن	50,000	50,00,000	چین
بلوچی	13,000	—	ایران، پاکستان اور افغانستان
کرد	1,50,000	10,00,000	ایران
		40,00,000 تا 60,00,000	ترکی
		10,00,000	عراق

Source :- Islamic threat to soviet state

سابقہ سوویت یونین میں آباد مسلم قومتیں

قومیت	1959ء	فیصد	1970ء	فیصد	1979ء	فیصد
ازبک	60,15,000	23.7	91,95,000	25.6	1,24,56,000	27.9
قازق	36,22,000	14.3	52,99,000	14.8	65,56,000	14.7
تاتار	49,68,000	19.6	59,31,000	16.5	63,17,000	14.2
آذری	29,40,000	11.6	43,80,000	12.2	54,77,000	12.3
تاجک	13,97,000	5.5	21,36,000	6.0	28,98,000	6.5
ترکمان	10,02,000	4.0	15,25,000	4.2	20,28,000	4.5
کرغیز	9,69,000	3.8	14,52,000	4.0	19,06,000	4.3
بشکیر	9,89,000	3.9	12,40,000	3.4	13,71,000	3.1
دیگر	34,56,000	13.6	47,85,000	13.2	55,91,000	12.5
کل آبادی	2,53,58,000		3,59,43,000		4,46,00,000	

کل آبادی میں ترک نسل اور غیر ترک نسل مسلم

	1959ء	فیصد	1970ء	فیصد	1979ء	فیصد
ترک	2,13,98,000	84.4	3,02,63,000	84.2	3,75,53,000	84.2
غیر ترک	39,60,000	15.6	56,80,000	15.1	70,47,000	15.8

Source :- Muslim Minorities, M. A. Ketani.

سوویت یونین میں مسلم آبادی کی مذہبی ولسانی تقسیم (1979ء)

قومیت	تعداد	نسل	علاقہ	مذہبی تقسیم	زبان/رسم الخط
ازبک	1,24,56,000	ترک	وسط ایشیا	سنی حنفی (بہت کم شیعہ)	ازبک
قازق	65,56,000	ترک	وسط ایشیا	سنی حنفی	ازبک
تاتار	63,17,000	ترک	وسط وولگا اور دیاس پورا	سنی حنفی	تاتار
آذری	54,77,000	ترک	ٹرانس کاکیشیا	شیعہ 70% سنی حنفی 30%	آذری (50 ہزار علی الائی اور بہائی بھی ہیں)
تاجک	22,37,000	ایرانی	وسط ایشیا	سنی حنفی (ایک لاکھ پامیری تاجک اسماعیلی)	تاجک
ترکمان	20,28,000	ترک	وسط ایشیا	سنی حنفی	ترکمانی
کرغیز	19,06,000	ترک	وسط ایشیا	سنی حنفی	کرغیزی
بشکر	13,71,000	ترک	وسط وولگا' اورال	سنی حنفی	بشکری
چیچنیا	7,56,000	آئبرکاکیش	شمالی کاکیشیا	سنی حنفی	چیچن
آسیشین	5,42,000	ایرانی	شمالی کاکیشیا ،	عیسائی 70% سنی حنفی 30%	آسیشین
آوار	4,83,000	آئبرکاکیش	داغستان	سنی شافعی	آوار
لزغن	3,83,000	آئبرکاکیش	داغستان	سنی شافعی	لزغن
کابردین	3,22,000	آئبرکاکیش	شمالی کاکیشیا	سنی حنفی	کابردین
کاراکلپاک	3,03,000	ترک	وسط ایشیا	سنی حنفی	کاراکلپاک
دارغن	2,87,000	آئبرکاکیش	داغستان	سنی شافعی	دارغن
کومک	2,28,000	ترک	داغستان	سنی شافعی	کومک
ایغور	2,11,000	ترک	وسط ایشیا	سنی حنفی	ایغور
انگش	1,86,000	آئبرکاکیش	شمالی کاکیشیا	سنی حنفی	انگش
کاراچیز	1,31,000	ترک	شمالی کاکیشیا	سنی حنفی	کاراچیز' بلکار

قومیت	تعداد	نسل	علاقہ	مذہبی تقسیم	زبان/رسم الخط
کرد	1,16,000	ایرانی	ٹرانس کاکیشیا	سنی حنفی شیعہ، علی الائی (اور یزیدی تقریباً 50%)؛	کردی
ادغیز	1,09,000	آئبرکاکیش	شمالی کاکیشیا	سنی حنفی	ادغیزی
لیک	1,00,000	آئبرکاکیش	داغستان	سنی شافعی	لیک
اجار (جارجیا کے مسلمان)	1,00,000 تا 1,50,000	آئبرکاکیش	ٹرانس کاکیشیا	سنی حنفی	جارجین
سی گان	1,00,000 (کے قریب)	انڈین	وسط ایشیا اور ٹرانس کاکیشیا	سطحی مسلمان	علاقائی زبان
طالش	1,00,000	ایرانی	ٹرانس کاکیشیا	شیعہ	آذری
ترک	93,000	ترک	وسط ایشیا اور ٹرانس کاکیشیا	سنی حنفی	ازبک، آذری
ابخاز	91,000	آئبرکاکیش	ٹرانس کاکیشیا	60% عیسائی 40% سنی	ابخاز
تباسار	75,000	آئبرکاکیش	داغستان	سنی شافعی	تباساری
بلخار	66,000	ترک	شمالی کاکیشیا	سنی حنفی	بلخار، کاراکے
نوگے	60,000	ترک	شمالی کاکیشیا اور داغستان	سنی حنفی	نوگے
ڈنگان	52,000	چینی	وسط ایشیا	سنی حنفی	ڈنگان (چینی)
چرکیزی	46,000	آئبرکاکیش	شمالی کاکیشیا	سنی حنفی	کابرڈین
ارونیز	31,000	ایرانی	وسط ایشیا	شیعہ	ازبک، تاجک
ابازاس	29,000	آئبروکاکیش	شمالی کاکیشیا	سنی حنفی	ابازا
ٹیٹ	22,000	ایرانی	داغستان اور ٹرانس کاکیشیا	شیعہ، یہودی عیسائی (آرمینین، جارجین)	آذری
روٹول	15,000	آئبروکاکیش	داغستان	سنی شافعی	لزغن، آذری، روسی
تساخور	14,000	آئبروکاکیش	داغستان	سنی شافعی	لزغن، آذری، روسی
بلوچی	13,000	ایرانی	وسط ایشیا	شیعہ	ترکمان

قومیت	تعداد	نسل	علاقہ	مذہبی تقسیم	زبان/رسم الخط
اگلز	12,000	آئبرو کاکیش	داغستان	سنی شافعی	لزغن، آذری، روسی
عرب	10,000 تقریباً	سامی	وسط ایشیا	سنی حنفی، چند شیعہ	ازبک، تاجک
لز	1,000-2,000	آئبرو کاکیش	ٹرانس کاکیشیا	سنی حنفی	جارجین
خم شین (آرمنی مسلمان)	1,000	آرمنی (انڈو یورپین)	ٹرانس کاکیشیا	سنی حنفی	آرمنی
چالاس	1,000 سے کم	سامی	وسط ایشیا	سنی حنفی (مخفی یہودی)	ازبک

Source :- The Islamic threat to soviet state 1983.

سویت یونین میں مسلم آبادی

1897ء میں 1,60,00,000 جو کل آبادی کا 12.6% تھی۔

1970ء میں 3,59,43,000 تھی۔

سویت مسلمانوں کے بارے میں سرکاری سطح پر شائع ہونے والی کتاب

1979ء میں پندرھویں صدی ہجری کے آغاز پر مسلمان ریاستوں کی آبادی کے بارے جو تفصیلات شائع کی گئیں وہ اس طرح ہیں۔

ازبکستان	1,48,00,000	تاجکستان	37,00,000
قازقستان	1,46,00,000	ترکمانستان	27,00,000
آذربائیجان	58,00,000	کرغیزیا	35,00,000

کتاب کے مطابق مسلم اکثریت سنی ہے۔ جو کہ حنفی وشافعی ہیں۔ کچھ شیعہ بھی ہیں۔ اسماعیلی پامیر کے علاقے میں ہیں۔ تمام روسی مسلمان انتظامی لحاظ سے چار مسلم بورڈز کے ماتحت تھے۔ (i) وسط ایشیا اور قازقستان جن کا ہیڈ کوارٹر تاشقند میں۔ (ii) یورپی روس اور سائبیریا کا مرکز یوفا (بشکیر کا دارالخلافہ) (iii) شمالی کاکیشیا کا مرکز ماخا چکالا (داغستان کا دارالخلافہ) (iv) ٹرانس کاکیشیا کا مرکز باکو (آذربائیجان کا دارالخلافہ) صرف اسی بورڈ میں سنی کے علاوہ شیعہ نمائندے بھی تھے۔

Page 18, 23, 24 Muslim in USSR, Abdullo Vakhabo, Moscow 1979.

روس کے چند علاقوں کا مختصر جائزہ

i) چیچنیا:-

کاکیشیا اور ماورائے کاکیشیا کا کل رقبہ 4,40,000 مربع میل ہے۔ ماورائے کاکیشیا کا علاقہ زیادہ تر میدانوں پر مشتمل ہے۔ جبکہ پہاڑی سلسلے بستا" کم ہیں۔ ماورائے کاکیشیا میں آذربائیجان کی مسلم ریاست کے علاوہ آرمینیا اور جارجیا کی عیسائی ریاستیں بھی شامل ہیں۔ شمالی کاکیشیا میں مسلمانوں کی اکثریت ہے۔ چیچنیا کاکیشیا کے شمال میں واقع ہے۔ اس کی کل آبادی 12 لاکھ ہے۔ اسلامی جمہوریہ چیچنیا پہاڑی سلسلہ **قفقاز** یا کوہ قاف کے شمالی حصہ میں واقع ہے۔ یہ پہاڑی سلسلے شمال مغرب سے جنوب مشرق کی طرف بحیرہ اسود (Black Sea) اور بحیرہ کیسپین کے درمیان پھیلے ہوئے ہیں۔

(مہر خان اعوان کا مضمون ندائے ملت (نوائے وقت) 14/4/1995)

ii) آرمینیا اور آذربائیجان کا تنازع

1988ء میں آرمینیا کی آبادی 33 لاکھ جس میں عیسائی آبادی 96% تھی نے آذربائیجان پر جس کی آبادی 75 لاکھ جن میں مسلمان 92% تھے پر چڑھائی کر دی۔ جس کی وجہ سے تقریباً" 2 لاکھ آذری آرمینیا سے بے دخل کئے گئے۔ اب پناہ گزینوں کی تعداد آذربائیجان میں 12 لاکھ تک پہنچ چکی ہے۔ یہ جھگڑا نگورنو کارا باخ کی وجہ سے ہے۔

نگورنو کارا باخ:- 4,388 مربع کلو میٹر کا رقبہ جو آذربائیجان کا حصہ تھا۔ اور اب آرمینیا خالی کرنے پر تیار نہیں۔ جس میں (i) کل بے جار ریجن کا رقبہ 1,936 مربع کلو میٹر اور آبادی 57,500 آذری افراد پر مشتمل ہے۔ (ii) لاچن ریجن جس کا رقبہ 1,835 مربع کلو میٹر' آبادی 59,500 آذری' (iii) شوشاریجن رقبہ 970 مربع کلو میٹر آبادی 29,500 آذری (کل رقبہ 4,741 مربع کلو میٹر اور کل آذری آبادی 1,46,500 ہے۔) جن علاقوں پر آرمینیا نے قبضہ کیا ہے وہ 1,31,197 مربع کلو میٹر اور 8,37,000 آبادی پر مشتمل ہے۔

(Daily Nation 15/4/1995)

(iii) ماوراء النہر:-

یہ مسلمانوں کا مشہور تاریخی علاقہ اور سنی علمی و ادبی تہذیب کا گڑھ تھا۔ ماوراء کا مطلب ہے دریا کے اس پار اور النہر سے مراد دریائے آمو (جیحوں) ہے۔ یہ افغانستان کو روسی مقبوضہ ریاستوں سے الگ کرتا ہے۔ دریا کے جنوب میں افغانستان اور شمال میں ترمذ' بخارا و سمرقند کا علاقہ ہے۔

Source :-

(i) سویت یونین کی مسلم ریاستیں اور جہاد افغانستان' مفتی محمد رفیع عثانی۔ جنگ 9/10/91

(ii) روس کی پانچ مسلم ریاستیں' جاوید رشید روزنامہ جنگ 28/2/92

(iii) مسلم دولت مشترکہ اور وسط ایشیا کی ریاستیں' محمد ایوب منیر روزنامہ جنگ 7/1/92

(iv) روزنامہ پاکستان لاہور 6/9/1991

(v) Bashkiristan dilemma of National self determination by Dr. Hafeez Malik Daily Muslim 15/7/93.

(vi) A new great game in Central Asia by Mariusz kuklinski Daily News 27/2/92.

(vii) Whither Central Asia by Asir Ajmal Daily News 1/10/91.

(viii) Runaway Soviet Republics look to a future Daily Nation 30/8/91

(ix) The world paper Boston USA, Plan Econ, Soviet Union or Disunion to be or not to be.

(x) Central Asian Republics, Ahmed Rashid, Daily Nation 5/1/1995

(xi) Muslim Minorities, M. A. Kettani.

(xii) World Muslim Minorities, Motmar-e-Alam-e-Islami.

(xiii) The Islamic threat to the soviet state, Alexender Benningsen and Marie Broxup. 1983

(xiv) Article about Georgian Muslims, by mohammad Anwar Khan, Director Area Study Centre Peshawar University, Daily Frontier Post 25/11/1993

بلغاریہ

1956ء کی مردم شماری کے مطابق آبادی بلحاظ قومیت

قومیت	مرد	عورت	کل آبادی
بلغارین	32,36,760	32,69,781	65,06,541
ترک	3,34,844	3,21,844	6,56,025
خانہ بدوش	99,611	98,259	1,97,865
مقدونی	94,994	92,795	1,87,789
آرمنی	10,627	11,327	21,954
روسی	6,246	4,305	10,551
یونانی	3,976	3,461	7,437
یہودی	2,954	3,073	6,027
تاتار	3,033	2,960	5,993
رومانی	1,644	2,105	3,749
کاراکنی	1,064	1,021	2,085
چیکوسلواکین	426	773	1,199
البانی	643	462	1,105
جرمن	232	515	747
ہنگرین	262	410	671
ولیچ	228	259	489
سربین	257	227	484
دیگر	1,556	1,444	3,000
کل آبادی	37,99,356	38,14,353	76,13,709

تبصرہ

کل آبادی میں پوماک آبادی ظاہر نہیں کی گئی 1956ء کی مردم شماری سے پہلے آبادی کا مذہب بھی دکھایا گیا تھا۔ اسی وجہ سے اس مردم شماری میں مسلم تعداد کم کرنے کیلئے 2,50,000 مسلم پوماک شامل نہیں کئے گئے۔

خانہ بدوش آبادی کو حقیقت سے زیادہ ظاہر کیا گیا۔ ایک لاکھ ترک آبادی کو خانہ بدوش میں دکھایا گیا۔ اگر ایک لاکھ ترک اور ڈھائی لاکھ پوماک کل آبادی میں شامل کر لئے جائیں تو کہا جا سکتا ہے کہ 1956ء میں دس لاکھ ترک بلغاریہ میں آباد تھے۔

1956ء میں بلغاریہ کی کل مسلمان آبادی 11,51,706 اور 1985ء میں ترک آبادی 11,00,000 تھی۔

1887ء کی مردم شماری کے مطابق بلغاریہ کی کل آبادی 30,00,000 تھی۔ جن میں مسلم جو کل 7,00,000 آبادی کا %23.33 تھے (جبکہ ترک آبادی 6,02,000 افراد تھی۔)

بلغاریہ سے ترک آبادی کا جبری انخلاء (ایک جائزہ)

سال	ہجرت کرنے والے ترک
1923-33ء	1,01,507
1934ء	8,682
1935ء	24,968
1936ء	11,730
1937ء	13,490
1938ء	20,542
1939ء	17,769
میزان	(i) 1,98,688
1940ء	6,960
1941ء	3,803
1942ء	2,672
1943ء	1,145
1944ء	489
1945ء	631
1946ء	706
1947ء	1,763
1948ء	1,514
1949ء	1,670
میزان	(ii) 21,353
1950ء	52,185
1951ء	1,02,208
1969-78ء	1,30,000
میزان	(iii) 2,84,393
میزان i + ii + iii :-	5,04,434

بلغاریہ کی کل آبادی: 89,52,000 (1992ء)

مسلمان: 17,90,000 (%20)

(World Muslim Minorities)

بلغاریہ کی کل آبادی: 88,00,000 (1994)

مسلمان: %13

بلغارین: %85 ترک: %8.5

(World Almanac & fact Book 1995)

بلغاریہ کی کل آبادی: 72,53,000 (1952)

مسلمان: %13

(World Guide. Rand McNally. Page 153
Columbia Lippin Cott Gazetteer 1952)

یہاں سب مسلمان سنی حنفی ہیں۔

Source :-

i. The Turk of Bulgaria 1878-1985. Bilal N Samser 1988 U.K.
ii. Turkey an official hand Book 1990. Ankara Turkey.
iii. World Almanac & fact Book 1995
iv. World Muslim Miniorities Motmar-e-Alame-e-Islami.
v. World Guide.

یورپ (1992ء)

ملک و کل آبادی	مسلم	مسلم فیصد	مسلم قومیت	مذہبی تقسیم	زبان
آسٹریا (Austria)					
77,76,000	86,000	% 1.1	ترک اکثریت	رومن کیتھولک	جرمن
			یوگوسلاوی	%85	98 % کروٹ
			5,000 آسٹرین	سنی حنفی	سلوینی
			جوبوسنین اصل ہیں		
بلجیم (Belgium)					
99,98,000	4,43,000	%4.43.	1982ء میں		
			کل 3,50,000	رومن کیتھولک	فلیمی (ولندیزی)
			جن میں	%75	% 57
			شمالی افریقی 220000 %75		فرنچ 33 %
			ترک 80,000		بلنگول 10 %
			البانی 15,000		جرمن 1 %
			مختلف 35,000		
			(مراکشی زیادہ ہیں)		
بلغاریہ (Balgaria)					
89,52,000	17,90,000	% 20	ترک %62	عیسائی %80	بلغارین
			پوماک %22	مسلمان	ترک
			دیگر %16	سنی حنفی	یونانی
				عیسائی آبادی میں	
				زیادہ تعداد لادین	
				عناصر کی ہے	
چیکوسلواکیہ (CheckoSlovakia)					
1,57,31,000	2,500	--	--	رومن کیتھولک	چیک اور

ملک اور کل آبادی	مسلم	مسلم فیصد	مسلم قومیت	مذہبی تقسیم	زبان
(جنوری 1993ء میں دو حصوں، چیک اور سلواک میں تقسیم ہو گیا)				%77	سلواک (سرکاری) چیک %64 سلواک %31
ڈنمارک (Denmark)					
51,58,000	52,000	% 1.0	پاکستانی ترک یوگوسلاوی و عرب	ایونجلین لوتھر %95 مسلمان سنی حنفی	ڈینش
آئرلینڈ (Eireland)					
34,86,000	5,000	--	طالبعلم اکثریت	رومن کیتھولک %93 انجلیکن 3 %	انگریزی آئرش آبادی میں زیادہ کیلٹک اور انگریز اقلیت ہیں
فرانس (France)					
